حضرت سیدنا امام حسن رض

حضرت سیدنا امام حسین رض

حضرت ابی ہریرہ رض

حضرت سیدنا انس بن مالک رض

حضرت عبداللہ بن عباس رض

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

وعلیٰ آلک واصحابک یا سیدی یا حبیب اللہ

حضرت سیدنا علی بن ابو طالب رض

حضرت سیدنا عثمان بن عفان رض

حضرت سیدنا عمر بن خطاب رض

حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رض

حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رض

خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا

حضرت سیدنا بلال رض

حضرت سیدنا سلیمان رض

حضرت سیدنا سعد بن وقاص رض

صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم

فہرست

اعوذ باللہ العظیم بوجہہ الکریم وسلطانہ القدیم
من الشیطان اللعین الرجیم ۔


مَا ہَمَہ مُحتاج تو حاجت رَوا
المدد یا غوثِ اَعظم سَیِّدا

مُشکلاتِ بے عَدَد داریم ما
المدد یا غوثِ اعظم پیرِ ما ۔

اِمداد کُن اِمداد کن از بندِ غم آزاد کن
در دین و دنیا شاد کن یا غوثِ اعظم دستگیر ۔

۱ ـ ابجد قمری

ا	ب - پ	ج	د	ہ	و	ز - ژ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح - چ	ط	ی	ک - گ	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر - ڑ	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰



۲ ـ ابجد شمسی

ا	ب - پ	ت	ث	ج - چ	ح	خ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
د - ڈ	ذ	ر - ڑ	ز - ژ	س	ش	ص
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ک - گ	ل	م	ن	و	ہ	ی
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

دن کی ساعتیں

نمبر شمار	ایام	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱	ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
۲	اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
۳	پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
۴	منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
۵	بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
۶	جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
۷	جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

نمبر شمار	ایام	کوکب	صدقات
۱	ہفتہ	زحل	ماش ۔ کالے چنے ۔ کھچڑی ۔ مسور ۔ کالا نمک ۔ سادہ روٹی ۔ کالا کپڑا ۔ سبزی ۔
۲	اتوار	شمس	سونا ۔ تانبا ۔ گندم ۔ سوجی کا حلوہ ۔ سنہری یا پیلا کپڑا ۔ شہد
۳	پیر	قمر	دودھ ۔ دہی ۔ موتی ۔ گھی ۔ زردہ ۔ سفید کپڑا ۔ جانور سفید ۔ کافور ۔ روپیہ
۴	منگل	مریخ	سرخ گوشت ۔ سرسوں کا تیل ۔ دال مسور ۔ پراٹھے ۔ جانور کو ذبح کروا کر ۔ سرخ لوبیا ۔
۵	بدھ	عطارد	ملی جلی اشیاء ۔ چاروں مغز ۔ روغن زرد ۔ پستہ ۔ بادام ۔ مونگ کی دال
۶	جمعرات	مشتری	مصری ۔ شہد ۔ شکر ۔ چھوارہ ۔ نمک میٹھی روٹی ۔ چنا ۔ جانور زرد یا سبزی مائل
۷	جمعہ	زہرہ	زردہ ۔ چاول ۔ چاروں مغز ۔ سرخ رنگ کا کپڑا ۔ چنے کی دال کا حلوہ ۔ مادہ پرندہ

رات کی ساعتیں

۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	
عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	
مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	
زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	
زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	
شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	
قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	
مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	

صدقات	کلر
زندہ مرغی یا بکری کالے رنگ کی۔ سرسوں کا تیل	سیاہ
کلونجی۔ صندل سرخ۔ جانور سرخ۔ دال چنا یا دیگر برنگ سرخ نقد روپیہ۔ زعفران	سرخ۔ زرد
باسمتی چاول کچے۔ چاندی	سفید
سرخ رنگ کا کپڑا۔	سرخ
برتن کانسی۔ کپڑا سبز۔ یا ملا جلا رنگ۔ چار دالیں۔ اکٹھی ملا کر	سبز۔ سیاہی مائل
سوج ۔	زرد
یا جانور۔ کاعود۔ سرخ رنگ کا کپڑا۔ ریشمی کپڑا۔ زعفران	سبز۔ زرد

نمبر شمار	ایام	کوکب	بخورات
۱	ہفتہ	زحل	میٹھا سائکلہ - مرچ سیاہ - رال - لوبان - دارچینی - زعفران - عود
۲	اتوار	شمس	عود - ہلدی - مشک - زعفران - صندل سفید - دارچینی -
۳	پیر	قمر	لوبان - کافور - عود - سنترے کے چھلکے - گلاب -
۴	منگل	مریخ	سندورس - مرچ سرخ - رال - عود - لوبان - گوگل - لونگ - جوز
۵	بدھ	عطارد	مصطگی - صندل سرخ - لوبان - چھلکا بادام - عود - چوبہ تیج -
۶	جمعرات	مشتری	حب الغار - صندل سرخ ناگرموتھا - عنبر - گلاب - شکر - عود -
۷	جمعہ	زہرہ	زعفران - صندل سرخ - پھول چنبیلی - عود - شکر - جوز -

نمبر شمار	برج	کوکب	عرصہ حکومت	لکی نمبر	ایام	سمت	رنگ	نام کا پہلا حرف
۱	حمل	مریخ	۲۱ مارچ - ۲۰ اپریل	۹	ہفتہ	مشرق	سرخ	ا - ل - ع - ی
۲	ثور	زہرہ	۲۱ اپریل - ۲۱ مئی	۶	جمعہ	جنوب	زرد	ب - و
۳	جوزا	عطارد	۲۲ مئی - ۲۲ جون	۵	بدھ	مغرب	سبز	ق - ک
۴	سرطان	قمر	۲۳ جون - ۲۲ جولائی	۲	پیر	شمال	سفید	ح - ھ
۵	اسد	شمس	۲۴ جولائی - ۲۳ اگست	۱	اتوار	مشرق	سرخ زرد	م
۶	سنبلہ	عطارد	۲۴ اگست - ۲۳ ستمبر	۵	بدھ	جنوب	سیاہی مائل	ت - غ
۷	میزان	زہرہ	۲۱ ستمبر - ۲۰ اکتوبر	۶	جمعہ	مغرب	سبز	ر - ز - ط
۸	عقرب	مریخ	۲۱ اکتوبر - ۲۰ نومبر	۹	منگل	شمال	سرخ	ث - ج - ذ - ن - ض - ظ
۹	قوس	مشتری	۲۱ نومبر - ۲۲ دسمبر	۳	جمعرات	مشرق	زرد	ف
۱۰	جدی	زحل	۲۳ دسمبر - ۲۰ جنوری	۸	ہفتہ	جنوب	سیاہ	خ - س
۱۱	دلو	״	۲۱ جنوری - ۱۹ فروری	۴	״	مغرب	״	ش - ص - گ - ڈ - ٹ
۱۲	حوت	مشتری	۲۰ فروری - ۲۰ مارچ	۷	جمعرات	شمال	زرد	د

خوشبویات	منسوب دھات	کلر
گِل - خس - عود	سکہ	سیاہ
مشک - عنبر - عود - صندل	سونا	سرخ-زرد
گلاب - یاسمین - عود - کیوڑہ - عطر سنترہ	چاندی	سفید
گلاب - موتسری - عود	تانبہ	سرخ
گلاب اور مشک - عود - یا مجموعہ متفرق عطریات	ایلومینیم	سبز-سیاہی مائل
گلاب - صندل - نرگس - عود -	ٹین	زرد
گلاب - نسترین - عود - عطر - چنبیلی عطر سہاگ	پیتل	سبز-زرد

مبارک نگینہ	اعداد کواکب ۱۲	اعداد ستارہ	نمبر شمار	اسلامی ماہ	منحوس تواریخ	مزاج
عقیق سرخ - مرجان	۷۸	۸۵۰	۱	محرم	۱۱ - ۱۴ - ۲۲	آتشی
الماس - بلور سفید	۷۰۶	۲۱۷	۲	صفر	۱ - ۳ - ۱۰ - ۱۲ - ۲۰	خاکی
زمرد - یشب سبز	۱۷	۲۸۴	۳	ربیع الاول	۲ - ۴ - ۱۰ - ۲۰	بادی
حجر القمر - مروارید	۳۲۰	۳۴۰	۴	ربیع الثانی	۱ - ۱۱ - ۱۸ - ۲۸	آبی
یاقوت زرد پکھراج	۶۵	۴۰۰	۵	جمادی الاول	۲ - ۱۱ - ۱۲ - ۱۰ - ۲۸	آتشی
زمرد - یشب سبز	۵۴۲	۲۸۴	۶	جمادی الثانی	۱ - ۲ - ۴ - ۱۱ - ۱۲ - ۲۸	خاکی
الماس بلور سفید	۱۰۸	۲۱۷	۷	رجب	۱۱ - ۱۲ - ۱۳ - ۱۵	بادی
عقیق سرخ مرجان	۳۷۲	۸۵۰	۸	شعبان	۲ - ۴ - ۱۴ - ۲۰ - ۲۶	آبی
یاقوت زرد	۱۶۶	۹۵۰	۹	رمضان	۲ - ۳ - ۹ - ۲۰ - ۲۴	آتشی
سنگ سلیمانی سیاہ پتھر	۱۷	۴۵	۱۰	شوال	۲ - ۶ - ۷ - ۸	خاکی
	۴۰	۴۵	۱۱	ذیقعدہ	۲ - ۵ - ۶ - ۸ - ۲۱ - ۱۰	بادی
یاقوت زرد	۴۱۴	۹۵۰	۱۲	ذوالحجہ	۲ - ۷ - ۸ - ۲۰ - ۲۸	آبی

نمبر شمار	ایام	ستارہ	اثرات
۱	ہفتہ	زحل	عداوت - بغض - جدائی - طلاق - ہلاکت دشمن
۲	اتوار	شمس	محبت - اتفاق - رزق - ملازمت کاروبار اور ترقی کے لئے تعویزات
۳	پیر	قمر	نکاح - ترقی - رزق - شادی وغیرہ کے لئے علاج
۴	منگل	مریخ	عداوت - بغض - جدائی - طلاق و ہلاکت کے تعویزات ۔
۵	بدھ	عطارد	زبان بندی - خواب بندی - دشمن کو تکلیف - تعلیم سے کامیابی
۶	جمعرات	مشتری	رزق - فتوح اور حب تسخیر
۷	جمعہ	زہرہ	حب و تسخیر، فتوحات و رجوعات برائے حاضر کردن غائب ۔

نمبر شمار	حروف	اعداد	مزاج	ستارہ	برج	رنگ	اعداد	سمت	کیفیت	مؤکل مجرد	مؤکل ترکیبی
۱	ا	۱	آتشی	مریخ	حمل	سرخ	۱	مشرق	جلالی	اہئیل	اسرائیل
۲	ب	۲	بادی	زہرہ	ثور	نیلا	۲	جنوب	〃	بائیل	جبرائیل
۳	ج	۳	آبی	زحل	جدی	سفید	۳	مغرب	مشترک	جائیل	کلکائیل
۴	د	۴	خاکی	مشتری	حوت	زرد	۴	شمال	جمالی	دائیل	دردائیل
۵	ہ	۵	آتشی	قمر	سرطان	سرخ	۵	مشرق	جلالی	ھائیل	دردیائیل
۶	و	۶	بادی	زہرہ	ثور	نیلا	۶	جنوب	〃	وائیل	رفتمائیل
۷	ز	۷	آبی	مریخ	عقرب	سفید	۷	مغرب	مشترک	زائیل	شرفائیل
۸	ح	۸	خاکی	قمر	سرطان	زرد	۸	شمال	جمالی	حائیل	تنکفیل

نمبر شمار	حروف	اعداد	مزاج	ستارہ	برج	رنگ	اعداد	سمت	کیفیت	مؤکل مجرد	مؤکل ترکیبی
۹	ط	۹	آتشی	زہرہ	میزان	سُرخ	۹	مشرق	جلالی	طائیل	سمائیل
۱۰	ی	۱۰	بادی	مریخ	حمل	نیلا	۱	جنوب	جمالی	یائیل	سراطائیل
۱۱	ک	۲۰	آبی	عطارد	جوزا	سفید	۲	مغرب	مشترک	کائیل	تردائیل
۱۲	ل	۳۰	خاکی	مریخ	حمل	زرد	۳	شمال	جمالی	لائیل	طاطائیل
۱۳	م	۴۰	آتشی	شمس	اسد	سُرخ	۴	مشرق	جلالی	مائیل	رومائیل
۱۴	ن	۵۰	بادی	مریخ	عقرب	نیلا	۵	جنوب	جمالی	نائیل	نحومائیل
۱۵	س	۶۰	آبی	زحل	دلو	سفید	۶	مغرب	مشترک	سائیل	صحرائیل
۱۶	ع	۷۰	خاکی	مریخ	حمل	زرد	۷	شمال	جمالی	عائیل	لومائیل
۱۷	ف	۸۰	آتشی	مشتری	قوس	سُرخ	۸	مشرق	جلالی	فائیل	سرحائیل
۱۸	ص	۹۰	بادی	زحل	دلو	نیلا	۹	جنوب	مشترک	صائیل	اعجائیل
۱۹	ق	۱۰۰	آبی	عطارد	جوزا	سفید	۱	مغرب	〃	قائیل	عطرائیل
۲۰	ر	۲۰۰	خاکی	زہرہ	میزان	زرد	۲	شمال	جمالی	رائیل	امواکیل
۲۱	ش	۳۰۰	آتشی	زحل	دلو	سُرخ	۳	مشرق	جلالی	شائیل	ہمرائیل
۲۲	ت	۴۰۰	بادی	زہرہ	میزان	نیلا	۴	جنوب	مشترک	تائیل	عزرائیل
۲۳	ث	۵۰۰	آبی	زحل	دلو	سفید	۵	مغرب	〃	ثائیل	میکائیل
۲۴	خ	۶۰۰	خاکی	قمر	سرطان	زرد	۶	شمال	جمالی	خائیل	تنکفیل
۲۵	ذ	۷۰۰	آتشی	مریخ	عقرب	سُرخ	۷	مشرق	جلالی	ذائیل	اہراطیل
۲۶	ض	۸۰۰	بادی	〃	〃	نیلا	۸	جنوب	مشترک	ضائیل	عطکائیل
۲۷	ظ	۹۰۰	آبی	〃	〃	سفید	۹	مغرب	〃	ظائیل	نورائیل
۲۸	غ	۱۰۰۰	خاکی	عطارد	سنبلہ	زرد	۱	شمال	جمالی	غائیل	لوخائیل

صفحہ (۷) پر نقشہ کے حوالہ جات ان کتابوں میں دیکھئے ۔ (۱) مفتاح العملیات ص ۲۰ (۲) تعویذ عالم ص ۳۱
(۳) اصول و قواعد عملیات ص ۴۵ تا ص ۵۳ (۴) عدد بولتے ہیں ص ۱۳۷ (۵) علم الحروف ص ۶۱
(۶) راہنمائے عملیات ص ۱۴۲ (۷) مجرب عملیات و تعویذات ص ۲۱ (۸) کنز الحسین ص ۱۴ (۹)
نقش سلیمانی ص ۸۳ حصہ دوم (۱۰) شمع شبستان رضا ص ۲۵ حصہ چہارم

حروف کی اقسام (۱) نورانی حروف ۔ (۲) حروف صوامت ۔ (۳) حروف ناطقہ ۔ (۴) حروف ظلماتی ۔ (۵) حروف آتشی ۔ (۶) حروف خاکی ۔ (۷) حروف بادی ۔ (۸) حروف آبی ، (۹) حروف ملفوظی ۔

(۱) حروف نورانی ۔ قرآن حکیم کی کچھ سورتیں بعض مفرد حروف سے شروع ہوتی ہیں ۔ یہ حروف تحفظ سمیت بہت سے کام میں استعمال ہوتے ہیں ۔ یہ کل چودہ حروف ہیں ۔ ا ۔ ح ۔ ھ ۔ ط ۔ ی ۔ ک ۔ ل م ۔ ن ۔ س ۔ ع ۔ ص ۔ ق ۔ ر ۔ قرآنی اصطلاحات میں ان کو حروف مقطعات کے نام سے پکارا جاتا ہے ۔ الم ۔ المص ۔ الر ۔ المر ۔ کھیعص ۔ طہ ۔ طسم ۔ طس ۔ یس ۔ ص حم حمعسق ۔ ق ۔ ن ۔ ان حروف کو استعمال کا طریقہ ۔ علم الحروف ص ۲۰۱ پر ہے ۔

(۲) حروف صوامت ۔ بے نقطہ حروف کو حروف صوامت کے نام سے پکارتے ہیں ۔ اور عموماً بندش کے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں ۔ حروف صوامت یہ ہیں ۔ ا ۔ د ۔ ھ ۔ ح ۔ و ۔ ط ۔ ک ۔ ل ۔ م ۔ س ۔ ع ۔ ص ۔ ر ۔ وغیرہ ۔

(۳) حروف ناطقہ ۔ حروف صوامت کے برعکس یہ حامل نقطہ ہوتے ہیں ۔ یہ بھی بندش کے لئے استعمال ہوتے ہیں ۔ ب ۔ ج ۔ ز ۔ ی ۔ ن ۔ ش ۔ ت ۔ ث ۔ خ ۔ ذ ۔ ض ۔ ظ ۔ غ ۔ ف ۔ ق ۔ اس کے باقی احکامات علم الحروف ص ۱۹۳ پر ہیں ۔

(۴) حروف ظلماتی ۔ یہ کسی کو مرتبے سے گرانے اور تنزل وغیرہ کے لئے استعمال ہوتے ہیں ۔ یہ یہ ہیں ۔ ب ۔ ج ۔ و ۔ د ۔ ز ۔ ف ۔ ش ۔ ت ۔ ث ۔ خ ۔ ذ ۔ ض ۔ ظ ۔ غ ۔ اس کے تمام احکامات علم الحروف ۲۰ پر ہیں

(۵) حروف آتشی مشرق: ا - ہ - ط - ف - ش - ذ - م ہیں۔

(۶) حروف خاکی جنوب: ب - و - ی - ن - ص - ت - ض ہیں۔

(۷) حروف بادی مغرب: ج - ز - ک - س - ق - ث - ظ وغیرہ ہیں۔

(۸) حروف آبی شمال: د - ح - ل - غ - ر - خ - ع ہیں۔

(۹) حروف جلالی: وہ حروف جو اپنے اندر عظمت۔ طاقت۔ رعب۔ تیزی اور غصہ لئے ہوئے ہیں۔ وہ جلالی طبع کہلاتے ہیں۔ ا - ہ - ط - م - ف - ش - ذ - ب - و وغیرہ۔

(۱۰) حروف جمالی: وہ حروف جو اپنے اندر شان۔ خوبصورتی۔ رحمت حسن لئے ہوں وہ جمالی کہلاتے ہیں۔
د - ح - ل - ع - ر - خ - ن - غ - ی وغیرہ

(۱۱) حروف مشترکہ: وہ حروف جو اپنے اندر دونوں طرح کی خصوصیت کے حامل ہوں۔ وہ مشترک طبع کہلاتے ہیں۔ ج - ک - س - ق - ت - ص - ض - ث - ز - ظ - حروف کا علم سمندر کی طرح ہے۔ (اصول و قواعد عملیات ص ۵۲)

(نوٹ) (۱) - علم الاعداد کے مطابق کسی نام یا لفظ کی عددی قیمت معلوم کرنے کے لئے تمام حروف کی مندرجہ بالا عددی قیمتیں ہی شمار کی جاتی ہیں۔ (۲) - تشدید والا حرف اگرچہ بولنے میں دوبار آتا ہے۔ مگر علم الاعداد میں اسے دو نہیں ایک ہی شمار کیا جاتا ہے۔ (۳) مد اور ء (ہمزہ) کا کوئی عدد شمار نہیں کیا جاتا۔ (۴) - اللہ۔ الہٰی رحمٰن اور اسی طرح کے دوسرے الفاظ میں بعض حروف پر جو چھوٹا الف ہوتا ہے۔ اس کا کوئی عدد شمار نہیں کیا جاتا۔ (۵) - پ کے عدد ب کے برابر = ٹ کے عدد ت کے برابر = ڈ کے عدد د کے برابر = چ کے عدد ج کے برابر = ژ کے عدد ز کے برابر = ڑ کے عدد ر کے برابر = گ کے عدد ک کے برابر لئے جاتے ہیں۔ (چشمہ آئینہ ص ۲)

نمبر شمار	حروف	منازل قمر	اسم اعظم	اعداد	تعداد اوراد	نتائج	خاصیت	طبائع	بخور	بروج	ستارہ	جن
۱	ا	شرطین	اللہ	۶۶	۱۰۰۰	نورانی	آتشی	گرم	عود سیاہ	حمل	زحل	
۲	ب	بطین	باقی	۱۱۳	۱۰۰	ظلماتی	بادی	رطب	شکر	جوزا	مشتری	
۳	ج	ثریا	جامع	۱۱۴	۱۷۰	〃	آبی	یابس	دارچینی	سرطان	مریخ	
۴	د	دبران	دیان	۶۵	۷۲	〃	خاکی	بارد	صندل سفید	ثور	شمس	
۵	ہ	ہقعہ	ہادی	۲۰	۱۰۰	نورانی	آتشی	گرم	〃	حمل	زہرہ	
۶	و	ہنعہ	ولی	۴۶	۲۰۰	ظلماتی	بادی	رطبا	کافور	جوزا	عطارد	
۷	ز	ذراعہ	زکی	۳۷	۷۱	〃	آبی	خشک	شہد	سرطان	قمر	
۸	ح	نثرہ	حق	۱۰۸	۳۰۰	نورانی	خاکی	تر	زعفران	جدی	زحل	
۹	ط	طرفہ	طاہر	۲۲۵	۷۲	〃	آتشی	گرم	مشک	حمل	مشتری	
۱۰	ی	جبہہ	یٰسین	۱۳۰	۱۰۰۰	〃	بادی	تر	گلسرخ	میزان	مریخ	
۱۱	ک	زبرہ	کافی	۱۱۱	۲۰۰	〃	آبی	خشک	گلسفید	عقرب	شمس	
۱۲	ل	صرفہ	لطیف	۱۲۹	۷۲	〃	خاکی	سرد	سیب بوشت	ثور	زہرہ	
۱۳	م	عوا	ملک	۹۰	۹۰	〃	آتشی	گرم	آبی	اسد	عطارد	
۱۴	ن	سماک	نور	۲۵۶	۷۲	〃	بادی	تر	سنبل	میزان	قمر	
۱۵	س	غفرہ	سمیع	۱۸۰	۵۰۰	〃	آبی	خشک	ہرکیا خوشبو	قوس	زحل	
۱۶	ع	زبانہ	علی	۱۰۰	۲۰۰	〃	خاکی	تر	فلفل سفید	سنبلہ	مشتری	
۱۷	ف	اکلیل	فتاح	۴۸۹	۷۲	ظلماتی	آتشی	گرم	جوز	اسد	مریخ	
۱۸	ص	قلب	صمد	۱۳۴	۲۰۰	نورانی	بادی	تر	بسباسہ	میزان	شمس	
۱۹	ق	شولہ	قادر	۳۰۵	۳۰۰	〃	آبی	خشک	ترنج	حوت	زہرہ	
۲۰	ر	نعائم	رب	۲۰۲	۷۲	〃	خاکی	سرد	گلاب	سنبلہ	عطارد	
۲۱	ش	بلدہ	شافی	۴۱۰	۲۰۰	ظلماتی	آتشی	گرم	عود سفید	عقرب	قمر	
۲۲	ت	ذابح	تواب	۴۰۹	۳۰۰	ظلماتی	بادی	تر	عنبر	دلو	زحل	

حروف باموکل	منسوبی کام
اجث یا اسرافیل یحییٰ یا الف	عداوت۔ علیحدگی پیدا کرنے۔ باہم دشمنی اور پابند کرنے کے لیئے۔
" " جبرائیل " "	باہم پیار محبت۔ تجدید تعلقات اور صحت کیلئے جانور اور انسان
" " کلکائیل " "	" " " "
" دردائیل " "	عداوت، باہم دشمنی علیحدگی اور جھگڑے پیدا کرنے کے لیئے۔
" دوریائیل " "	" " " "
" رفتائیل " "	باہم پیار محبت، حصول دولت اور کامیابی
" شرفائیل " "	" " " "
" تنکفیل " "	عداوت مخالفین دشمنوں کی تباہی
" اسمائیل " "	عداوت " "
" سراکیتائیل " "	دوستی و ترقی نفع آوری اور کسی کام کی ابتداء کیلئے۔
" حروزائیل " "	محبت ترقی تجارت میں اضافہ پھلدار درختوں کیلئے
" طاطائیل " "	عداوت اور دشمنی کیلئے
" رومائیل " "	" " "
" حولائیل " "	" " "
" ھمواکیل " "	محبت ترقی زوجین میں محبت کے لیئے
" لومائیل " "	" " "
" سرحاکیل " "	عداوت
" اھجمائیل " "	دوستی ترقی بنائے ملازمت اور دشمنوں پر فتح کیلئے
" عطرائیل " "	" " "
" اسواکیل " "	سفر میں حفاظت وغیرہ توجہ محبوب کے لیئے
" عزرائیل " "	عداوت طلاق علیحدگی وغیرہ کے لیئے۔
" " " "	" " "

نمبر شمار	حروف	منازل قمر	اسم اعظم	اعداد	تعداد اوراد	نتائج	خاصیت	طبائع	بخور	بروج	ستارہ	جن
۲۳	ث	بلعہ	ثابت	۹۰۳	۴۰۰	ظلماتی	آبی	خشک	عود سفید	حوت	مشتری	
۲۴	خ	سعود	خالق	۷۳۱	۷۰	″	خاکی	سرد	بنفشہ	جدی	مریخ	
۲۵	ذ	اخبیہ	ذاکر	۹۲۱	۷۹	″	آتشی	گرم	ریحان	قوس	شمس	
۲۶	ض	مقدم	ضار	۱۰۰۱	۷۲	″	بادی	″	گل سوسن نوانی	دلو	زہرہ	
۲۷	ظ	موخر	ظاہر	۱۱۰۶	۲۵	″	آبی	خشک	گلنسرین	حوت	عطارد	
۲۸	غ	رشا	غفور	۱۲۸۶	۳۰۰	″	خاکی	″	قرنفل	″	قمر	

طریقہ زکوٰۃ ۔ حروف تہجی کی زکوٰۃ ادا کرنے سے روحانی اعمال میں تاثیر وقوت پیدا ہوتی ہے ۔ ذیل میں حروف تہجی کی زکوٰۃ کے دو طریقے ہیں ۔ (۱) زکوٰۃ اصغر (۲) زکوٰۃ اکبر

(۱) زکوٰۃ اصغر یہ زکوٰۃ ادا کرنے کے لیئے مندرجہ بالا ۔ ۲۸ حروف تہجی کو بمعہ موکل وغیرہ بالترتیب ہر ایک منسوب منازل قمر میں (۴۴۴۴) مرتبہ پڑھیں ۔ اس طرح تمام حروف کی زکوٰۃ ۲۸ دنوں میں ادا ہو جائے گی ۔ یعنی روزانہ ایک حرف کی زکوٰۃ ادا ہوگی ۔ لیکن اس کا اثر محدود ہوگا ۔ (۲) زکوٰۃ اکبر ۔ اس کو ادا کرنے کے لیئے ہر ایک حرف تہجی کو بمعہ موکل وغیرہ ۲۸ دن (۴۴۴۴) کی تعداد میں پڑھنا ہوگا ۔ اس طرح ۲۸ دن کے بعد ایک حرف کی زکوٰۃ ختم ہوگی ۔ اور آپ اس کے عامل بنیں گے ۔ مثلاً آپ نے حرف الف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہے ۔ اس کو یوں پڑھیں گے ۔ یا اسرافیلؑ یا آئیل بحق یا اللہ بالکل اسی طریقے سے تمام حروف کی زکوٰۃ بھی ادا ہو جائے گی ۔ بخور دوران عمل متعلقہ قمری منزل کا بھی جلانا چاہیئے ۔

(۱) شرطین ۔ دبران ۔ اخبیہ ۔ رال ۔ لوبان (۲) بطین ۔ نثرہ ۔ ذراعہ ۔ ہنعہ ۔ ہقعہ ۔ سرخ صندل کافور ۔ مشک ۔ (۳) ذابح ۔ بلعہ ۔ سعود ۔ بلدہ ۔ صندل ۔ کافور (۴) ثریا ۔ طرفہ ۔ زبرہ صرفہ ۔ جبہہ ۔ لوبان ۔ عود (۵) لغائم ۔ قلب ۔ اکلیل ۔ شولہ ۔ سفید صندل ۔ کافور ۔ عنبر ۔ (۶) غفرہ ۔ زبانا ۔ عوا ۔ سماک ۔ شولہ ۔ عود شک ۔ (۷) مقدم ۔ مؤخر ۔ رشا ۔ کافور ۔ عود

(نوٹ) وہ فرد جو حروف کی زکوٰۃ ادا کرتا ہے ۔ اس کو کسی اور عمل کی زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ تاہم ان کی زکوٰۃ کافی مشکل ہے ۔ اور کم ہی لوگ ان کی زکوٰۃ ادا کرتے ہیں ۔ اور اس کی تفصیل درج ذیل کتب

حروف باموکل	منسوبی کام
〃 میکائیل 〃 〃	عداوت
〃 مہکائیل 〃 〃	دوستی - ترقی وغیرہ
〃 اہرائیل 〃 〃	عداوت دشمنوں پر فتح شہوت باندھنے
〃 عطکائیل 〃 〃	محبت تجدید تعلقات نجات خوف و غم
〃 لوزائیل 〃 〃	عداوت
〃 لوخائیل 〃 〃	محبت۔ صلح زوجین نفع و فائدہ مال تجارت وغیرہ

میں دیکھئے - راہنمائے عملیات ص ۱۴۴ - مفیض العملیات ص ۳۰۵ - شمع شبستانِ رضا ص حصہ
مفتاح العملیات ص ۲۰

علم الساعات

۱- سات ستاروں کی ساعتوں کا بیان۔

(۱) ہفتہ کے دن کے اثرات: پہلی ساعت زحل ہے۔ اگر اس دن میں یہ شروع ماہ ہو تو نیک ہے۔ محبت اور کشائش رزق کا عمل کیا جائے۔ اگر آخیر ماہ میں ہو تو نحس ہے۔ بغض و عداوت کا عمل کیا جائے۔ آخر اور شروع ماہ سے مراد یہ ہے۔ کہ اگر ہفتہ کو مہینہ کی پہلی تاریخ پڑے۔ تو شروع ماہ میں یہ دن ہوا۔ لہذا اس کی ساعت مبارک ہے۔ اگر ۲۹ یا ۳۰ کوئی ایسی تاریخ ہو کہ اسی دن چاند ہو تو نحس ہے۔ ۲- دوسری ساعت مشتری ہے۔ اس میں محبت کا عمل کرنا بڑا مؤثر ہے۔ ۳- تیسری ساعت مریخ ہے۔ اس میں بغض و عداوت کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔ (۴) چوتھی ساعت شمس ہے۔ اس میں قضائے حاجت اور محبت کا تعویز لکھا جائے۔ ۵- پانچویں ساعت زہرہ ہے۔ اس میں محبت کا عمل کیا جائے۔ ۶ چھٹی ساعت عطارد ہے۔ اس میں حصولِ تمنا کیلئے عمل کرنا چاہئے۔ (۷) ساتویں ساعت قمر ہے۔ اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے۔ یہ ساعت نحس ہے۔ (۸) آٹھویں ساعت زحل ہے۔ اس میں دفع امراض کا عمل کیا جائے۔ (۹) نویں ساعت مشتری ہے۔ اس میں جو کام کیا جائے کامیابی ہو یہ ساعت نیک ہے۔ (۱۰) دسویں ساعت مریخ ہے۔ اس میں دشمن کو بیمار ڈالنے کا عمل کیا جائے۔ یہ ساعت نحس ہے ۱۱۔ گیارھویں ساعت شمس ہے۔ اس میں تسخیر کا تعویز کیا جائے۔ (۱۲) بارھویں ساعت زہرہ ہے۔ اس میں محبت اور تسخیر خلائق کا تعویز لکھا جائے۔ اور میاں بیوی کی موافقت کیلئے عمل کرنا بڑا ہی مفید ہے۔

(۲) اتوار کے دن کی ساعتوں کے اثرات: (۱) پہلی ساعت شمس ہے۔ عمل محبت حکام کی ملاقات وغیرہ ۲۔ دوسری ساعت زہرہ ہے۔ یہ ساعت مذموم ہے۔ کوئی کام نہ کیا جائے۔ (۳) تیسری ساعت عطارد ہے اس میں تعویز محبت لکھا جائے اور سفر کیا جائے۔ (۴) چوتھی ساعت قمر ہے۔ خرید و فروخت نہ کی جائے۔ کوئی نیا کام نہ کیا جائے۔ ۵۔ پانچویں ساعت زحل ہے۔ اس میں بغض و عداوت کا عمل کرنا زیادہ موثر ہے۔ (۶) چھٹی ساعت مشتری ہے۔ اس میں حکام وغیرہ سے بات چیت کرنا فائدہ ہے۔ (۷) ساتویں ساعت مریخ ہے۔ یہ ساعت نحس ہے۔ (۸) آٹھویں ساعت شمس ہے۔ یہ ساعت نیک ہے۔ اس میں جو کام کیا جائے بخیر و خوبی ہوگا۔ (۹) نویں ساعت زہرہ ہے۔ اس میں محبت کا عمل اور تسخیر خلائق اور سفر کیا جائے۔ (۱۰) دسویں ساعت عطارد ہے۔ اس ساعت نیک میں محبت کا عمل کیا جائے۔ (۱۱) گیارھویں ساعت قمر ہے۔ اس میں طلسمات

وغیرہ لکھے جائیں۔ ۱۲۔ بارھویں ساعت زحل ہے۔ یہ ساعت نحس ہے۔ اس میں بغض و عداوت کا عمل یا کوئی کام نہ کیا جائے جس میں فائدہ نہ ہو۔

۳۔ پیر کے دن کی ساعتوں کے اثرات۔

(۱) پہلی ساعت قمر ہے۔ اس میں تسخیر اور زبان بندی کا عمل کیا جائے۔ (۲) دوسری ساعت زحل ہے۔ اس میں سفر کیا جائے اور حکام سے اپنی حاجات بیان کی جائیں۔ (۳) تیسری ساعت مشتری ہے۔ اس میں میاں بیوی کی محبت کے لیئے تسخیر کا عمل کیا جائے۔ (۴) چوتھی ساعت مریخ اس میں دشمن کی تباہی ہلاکت اور بیمار کرنے کے لیئے عمل کیا جائے۔ ۵۔ پانچویں ساعت شمس ہے۔ اس میں انجام مرام عقد لسان تسخیر خلائق کا عمل کیا جائے (۶) چھٹی ساعت زہرہ ہے۔ اس میں طلسمات کو کیا جائے۔ (۷) ساتویں ساعت عطارد ہے۔ اس میں تسخیر و عقد لسان کا عمل کیا جائے۔ ۸۔ آٹھویں ساعت قمر ہے۔ اس میں محبت کا عمل کیا جائے۔ اور محبت زوجین (۹) نویں ساعت زحل ہے۔ اس میں بغض و عداوت اور ہلاکت کا عمل کیا جائے۔ ۱۰۔ دسویں ساعت مشتری ہے۔ اس میں جو کام کیا جائے انجام بخیر ہوگا۔ ۱۱۔ گیارھویں ساعت مریخ ہے۔ اس میں بغض کے تعویز لکھے جائیں۔ اور عداوت کے عمل کیئے جائیں۔ ۱۲۔ بارھویں ساعت شمس ہے۔ اس میں زبان بندی اور محبت کا عمل

۴۔ منگل کے دن کی ساعتوں کے اثرات۔

۱۔ پہلی ساعت مریخ ہے۔ اس میں بغض و عداوت کے عمل کیئے جائیں ۲۔ دوسری ساعت شمس ہے۔ اس میں کوئی کام نہ کرے۔ ۳۔ تیسری ساعت زہرہ ہے۔ اس میں نکاح کرے۔ اور مباشرت کرے۔ نیک بخت لڑکا ہوگا۔ ۴۔ چوتھی ساعت عطارد ہے۔ اس میں تیتری کی لڑائی کا عمل کیا جائے۔ ۵۔ پانچویں ساعت قمر ہے۔ اس میں کوئی جدید کام نہ کرے۔ (۶) چھٹی ساعت زحل ہے۔ اس میں بیماری کے لیئے تعویز لکھے جائیں۔ ۷۔ ساتویں ساعت مشتری ہے۔ اس میں تسخیر کا عمل کرنا نہایت مفید ہے۔ ۸۔ آٹھویں ساعت مریخ ہے۔ اس میں دشمن کو بیمار کرنے کے واسطے عمل کیا جائے۔ ۹۔ نویں ساعت شمس ہے۔ اس میں نکاح کیا جائے۔ اور محبت کا عمل بڑا مفید ہے۔ ۱۰۔ دسویں ساعت زہرہ ہے۔ اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے۔ یہ ساعت نحس ہے۔ ۱۱۔ گیارھویں ساعت عطارد ہے۔ اس میں سفر کرنا اچھا نہیں۔ ۱۲۔ بارھویں ساعت قمر ہے اس میں بغض و عداوت کا عمل کیا جائے۔

۵۔ بدھ کے دن کی ساعتوں کے اثرات۔

۱۔ پہلی ساعت عطارد ہے۔ اس میں محبت اور تسخیر کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔ ۲۔ دوسری ساعت قمر ہے۔ اس میں کوئی عمل نہ کیا جائے۔ کیونکہ یہ ساعت منحوس ہے۔ ۳۔ تیسری ساعت

زحل ہے۔ اس میں شفائے امراض کے تعویز لکھے جائیں ۔ ۴۔ چوتھی ساعت مشتری ہے۔ اس میں محبت ترقی رزق کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔ ۵۔ پانچویں ساعت مریخ ہے۔ اس میں دشمنی اور مخالفت کا عمل کیا جائے۔ یہ ساعت نحس ہے۔ ۶۔ چھٹی ساعت شمس ہے۔ اس میں محبت اور ترقی رزق کا عمل پڑھا اور لکھا جائے۔ اور اس میں سفر اچھا ہے۔ ۷۔ ساتویں ساعت زہرہ ہے۔ اس میں جو کام کیا جائے اس کا نتیجہ اچھا ہوگا۔ ۸۔ آٹھویں ساعت عطارد ہے۔ اس میں بچوں کے رونے اور نظر لگنے کے تعویز لکھنا مفید ہے۔ ۹۔ نویں ساعت قمر ہے۔ اس میں محبت کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔ ۱۰۔ دسویں ساعت زحل ہے۔ اس میں حکام وغیرہ سے ملاقات کرنا بڑا مفید ہے۔ ۱۱۔ گیارھویں ساعت مشتری ہے۔ اس ساعت میں ساعت زحل جیسا عمل ہے۔ ۱۲۔ بارھویں ساعت مریخ ہے۔ اس میں بغض و عداوت کا عمل کرنا مفید ہے۔

۴۔ جمعرات کے دن کی ساعتوں کے اثرات: پہلی ساعت مشتری ہے۔ اس میں توسیع رزق خلاصی قیدیاں اور تسخیر خلائق کا عمل ہے۔ ۲۔ دوسری ساعت مریخ ہے۔ اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے۔ نہ ہی سفر کیا جائے ۳۔ تیسری ساعت شمس ہے۔ اس میں محبت کا تعویز لکھا جائے۔ اور سفر نہیں کرنا چاہیئے۔ ۴۔ چوتھی ساعت زہرہ ہے۔ اس میں محبت کا عمل اور تسخیر کے لیئے عمل کیا جائے۔ یہ اچھی ساعت ہے۔ ۵۔ پانچویں ساعت عطارد ہے۔ اس میں نکاح کرنا بڑا مفید ہے۔ ۶۔ چھٹی ساعت قمر ہے۔ اس میں حکام کے ساتھ ملاقات کی جائے۔ اور سفر نہ کیا جائے۔ ۷۔ ساتویں ساعت زحل ہے۔ اس میں جو کام کیا جائے مفید ہے۔ ۸۔ آٹھویں ساعت مشتری ہے۔ اس میں ترقی رزق اور تسخیر خلائق کا عمل کرنا بڑا مؤثر ہے۔ ۹۔ نویں ساعت مریخ ہے۔ اس میں تسخیر کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔ ۱۰۔ دسویں ساعت زہرہ ہے۔ اس میں محبت کا تعویز لکھا جائے۔ ۱۱۔ گیارھویں ساعت عطارد ہے۔ اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے اور نہ ہی سفر ورنہ نقصان ہوگا۔

۶۔ جمعہ کے دن کی ساعتوں کے اثرات: پہلی ساعت زہرہ ہے۔ اس میں نکاح کرنا تسخیر خلائق کا عمل کرنا بڑا مؤثر ہے۔ ۲۔ دوسری ساعت عطارد ہے۔ اس میں صرف طلسمات لکھنا بڑا فائدہ مند ہے۔ ۳۔ تیسری ساعت قمر ہے۔ اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے۔ ۴۔ چوتھی ساعت زحل ہے۔ اس میں نظر بد کا تعویز لکھا جائے۔ ۵۔ پانچویں ساعت مشتری ہے۔ اس میں میاں بیوی کی موافقت کا تعویز کیا جائے۔ ۶۔ چھٹی ساعت مریخ ہے۔ اس میں قضائے حاجات کا تعویز اور حکام سے ملاقات۔ ۷۔ ساتویں ساعت شمس ہے اس

میں محبت کا تعویز اور نکاح کیا جائے ۔ ۸۔ آٹھویں ساعت زہرہ ہے ۔ اس میں جو کام کیا جائے مفید ہے۔ کشائش رزق کے لیئے تعویز۔ ۹۔ نویں ساعت عطارد ہے ۔ اس میں تسخیر کا عمل بڑا مفید ہے ۔ یہ ساعت نیک ہے ۔ ۱۰۔ دسویں ساعت قمر ہے ۔ اس میں عداوت کا عمل کیا جائے ۔ ۱۱۔ گیارھویں ساعت زحل ہے۔ اس میں کوئی عمل نہ کیا جائے ۔ ۱۲۔ بارھویں ساعت مشتری ہے ۔ اس میں قضائے حاجات اور تسخیر کا عمل اور حکام وغیرہ سے ملاقات کی جائے ۔ یہ ساعت مبارک ہے ۔ عامل بنانے والی کتاب ص ۱۹۶

۲۔ امراض وساعات = ۱۔ قمر۔ گردن ۔ معدہ ۔ پستان ۔ بائیں آنکھ ۔ چھاتی وغیرہ ۔ آشوب چشم۔ مرگی ۔ جریان ۔ خون ۔ بلغم ۔ بد ہضمی ۔ اور ٹھنڈ لگنا ۔ ۲۔ شمس ۔ دل ۔ نظر ۔ آنکھ ۔ سر ۔ سینہ ۔ دل کے امراض ۔ آشوب چشم ۔ سینے کے درد ۔ دل و دماغ کے پٹھوں کی خرابی ۔ خون اور بخار وغیرہ ۔ ۳۔ عطارد ۔ دماغ ۔ زبان ۔ انگلیاں ۔ ہاتھ ۔ بازو ۔ اور کندھے ۔ سر درد ۔ نیند نہ آنا ۔ یا زیادہ آنا۔ پاگل پن ۔ جنون نسیان ۔ زبان کی لکنت ۔ گونگا پن ۔ نزلہ ۔ ہاتھ یا بازوؤں میں تکلیف اور پٹھوں اور پھیپھڑوں کے مختلف امراض ۔ ۴۔ مریخ ۔ پتہ ۔ اعضائے تناسل کے بیرونی حصے ۔ آلات بول و براز اور ناک ۔ یرقان اور دیگر امراض صفراوی ۔ پھوڑے پھنسیاں ۔ اسقاط حمل ۔ گردوں میں پتھری ۔ زنانہ و مردانہ امراض ۔ ۵۔ زہرہ ۔ اعضائے تناسل گردہ ۔ گلا ۔ رخسار ۔ لب اور ابرو ۔ اعضائے تناسل کے مختلف امراض ۔ اور اندرونی زخم ۔ شوگر ۔ پیشاب کے مختلف امراض ۔ خرابی گردہ انتڑیوں میں اور پیٹ میں زخم ۔ ۶۔ مشتری ۔ جگر ۔ رحم ۔ مادہ منویہ اور مغز ۔ جگر کی خرابی ۔ سینے کے امراض یا خانے رحم کی خرابی ۔ عورتوں میں کلیجی کے امراض ۔ ۷۔ زحل ۔ ناخن ۔ جوڑ ۔ دانت جسم کے اندر جھلی اور دیگر غلیظ مادے ۔ کان کے امراض ۔ کان کا درد ۔ بہرہ پن وغیرہ ۔ دمہ جوڑ میں درد ۔ بواسیر ۔ دل و دماغ پر عجیب سا بوجھ ۔

۳۔ عملیات وساعات = عموماً عاملین علم ساعات کی اہمیت کو نظرانداز کر دیتے ہیں ۔ اور عمل تحریر کرنے کے دوران ساعات کے درست استخراج کو اہم خیال نہیں کرتے ۔ جو کہ غلط طریقہ کار ہے ۔ یاد رکھیں وہ

عمل زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔ جو متعلقہ کوکب کی ساعت میں بنایا جائے۔ مثلاً۔ اگر آپ اسم مشتمس کا نقش بنانا چاہتے ہیں۔ تو سب سے بہتر طریقہ یہ ہے۔ کہ متعلقہ دن کی ساعتوں کا استخراج کریں۔ اور ساعت شمس میں نقش کو تحریر کریں۔ جلد بہتر اور طاقتور نتائج کا حصول ہوگا۔ ذیل میں یہ بیان کیا جا رہا ہے۔ کہ کونسی ساعت کس قسم کے عمل کیلئے زیادہ موزوں ہے۔

۱۔ شمس:۔ حکومت حاصل کرنے۔ عہدے میں ترقی۔ حکومتی ملازمت۔ بادشاہ بننے کے لیئے۔ عروج عزت۔ وقار۔ شہرت اور کامیابی کیلئے۔ دشمنوں پر غلبہ وقابو۔ غیر معمولی پوزیشن وطاقت کے حصول کے لیئے۔

۲۔ قمر:۔ روزمرہ امور کی کامیاب تکمیل۔ کامیابی۔ محبت اولاد قیام حمل۔ خون سے متعلق امراض مستورات کے جسمانی ودیگر مسائل اور ردِ سحر کے لیئے۔

۳۔ زہرہ:۔ عورتوں سے متعلق امور۔ شادی پیار محبت زبان بندی۔ زنانہ امراض سے شفا۔ کاروباری دیگر حضرات مثلاً سیاست دان کے لیئے۔ جن کی طرف عوام کی رغبت کی ضرورت ہو۔ اداکار حکیم وغیرہ۔

۴۔ عطارد:۔ زبان بندی۔ خواب بندی۔ کاروبار کے چلنے یا بند کرنے کے لیئے۔ لکھائی پڑھائی کے کام۔ ڈاکٹر یا حکیم وغیرہ کے واسطے۔ علم ودانش میں اضافے حافظے کو قوی بنانے۔ زبان دانی۔ فصاحت وبلاغت دفع دماغی امراض۔ کامیابی امتحان۔

۵۔ مریخ:۔ جسمانی طاقت۔ قوت مردانی۔ صحت خاتمہ امراض۔ غلبہ دشمناں۔ عداوت مقابلے میں کامیابی۔ دشمنوں پر رعب قائم کرنے۔ بخیریت واپسی جنگ وجدال میں کامیابی۔ وغیرہ امور ہمہ اقسام۔

۶۔ مشتری:۔ روپے پیسے کے حصول۔ دولت رزق میں اضافے۔ ترقی کاروبار۔ ملازمت میں ترقی۔ لاٹری انعامی بانڈ۔ گھوڑے کی ریس۔ اور ایسے دوسرے کاموں میں کامیابی کے لیئے۔

۷۔ زحل:۔ طویل مدت کا قیام۔ دشمنوں میں جدائی۔ ہلاکت۔ نامرادی۔ شہرت۔ عوامی مقبولیت بزرگی۔ عظمت وغیرہ

از خالد اسحاق ساعت حقیقی ص ۸۰

۴۔ دن کے اثرات = ہر دن کے اپنے خاص اثرات ہوتے ہیں۔ ان دنوں اور ساعتوں کے اثرات میں ایک خاص مطابقت ہے۔ سو جب بھی کوئی عمل تیار کرنا ہو تو متعلقہ دن کے بارے میں بھی دیکھ لیں کہ کیا حکم ہے۔

۱۔ ہفتہ۔ کا دن زحل سے منسوب ہے۔ اس دن تفرقہ، عداوت۔ جدائی۔ طلاق۔ بیماری اور ہلاکت وغیرہ کے اعمال تیار کیئے جاتے ہیں۔ ۲۔ اتوار۔ کا دن شمس سے منسوب ہے۔ اس دن عزت وقار، حصول مرتبہ شفا اور شہرت وغیرہ سے متعلق نقوش و اعمال تیار کیئے جاتے ہیں۔ ۳۔ پیر۔ پیر کا دن قمر سے منسوب ہے۔ اس دن کوئی بھی سعد عمل تیار کیا جا سکتا ہے۔ تاہم فتوحات۔ سفر۔ رزق۔ کاروبار ملازمت سے متعلق امور کے بارے میں نقوش تحریر کیئے جاتے ہیں۔ ۴۔ منگل۔ کا دن مریخ سے منسوب ہے۔ اس دن کسی کو ہلاک پریشان کرنے یا نقصان پہنچانے کے اعمال کے علاوہ جدائی اور طلاق کے اعمال تحریر کیئے جاتے ہیں۔ ۵۔ بدھ۔ کا دن عطارد سے منسوب ہے۔ اس دن تعلیم کاروبار زبان بندی وغیرہ سے متعلق اعمال تیار کیئے جاتے ہیں۔ ۶۔ جمعرات کا دن مشتری سے منسوب ہے۔ اس دن دولت تسخیر گمشدہ کی واپسی اور اتفاق وغیرہ کیلئے اعمال تیار کیئے جاتے ہیں۔ ۷۔ جمعہ۔ کا دن زہرہ سے متعلق ہے۔ اس دن تسخیر محبت شادی باہم اتفاق اور رجوع خلق وغیرہ سے متعلق اعمال تیار کیئے جاتے ہیں۔

ہفتہ کے اثرات = عملیات کے حوالے سے جب ہفتہ کے اثرات کا ذکر کیا جائے تو اس سے مراد قمری ماہ کا ہفتہ سات دن کا ہوتا ہے۔ نہ کہ عیسوی ماہ کا ہفتہ۔

(۱) قمری ماہ کا پہلا ہفتہ — سعد مقاصد مثل محبت اتحاد

(۲) 〃 〃 دوسرا ہفتہ — نحس مقاصد مثل بندش و رکاوٹ

(۳) 〃 〃 تیسرا 〃 〃 〃 〃 عداوت و فساد

(۴) 〃 〃 چوتھا 〃 — سعد مقاصد مثل صحت وغیرہ کے اعمال

عشرہ = قمری ماہ کے عشرے دس دن بھی اہم ہیں۔ ماہ میں تین عشرے ہوتے ہیں۔ بالترتیب ان کے اثرات یوں ہیں۔ (۱) پہلا عشرہ کشائش کیلئے۔ (۲) دوسرا عشرہ تسخیر کے لیئے۔ (۳) عداوت کے لیئے۔ — اصول و قواعد عملیات مدا ے

۵۔ سیارگان کے منصب = (۱) شمس۔ بادشاہ (۲) قمر نائب السلطنت (۳) مریخ سپہ سالار ۴۔ عطارد دبیر فلک ۵۔ مشتری قاضی فلک (۶) زہرہ رقاصہ فلک (۷) زحل خدمت گار

اور ثالث مابین سیارگان (۸) راس و ذنب ملیش گنا جاتا ہے۔ (اسرار النجوم ص ۱۹)

۶۔ سیارگان کی اشکال ۔ عالمان ہیئت نے سیارگان کی شکلیں جو معلوم کی ہیں۔ وہ اس طرح ہیں۔ (۱) برج حمل۔ مینڈھا (۲) برج ثور۔ بیل (۳) برج جوزا جڑواں بچہ (۴) برج سرطان۔ کیکڑا (۵) برج اسد۔ شیر (۶) برج سنبلہ۔ کنواری لڑکی (۷) برج میزان۔ ترازو۔ (۸) برج عقرب بچھو (۹) برج قوس۔ کمان (۱۰) برج جدی خرگوش (۱۱) دلو۔ مرد کنوئیں سے پانی نکالتا ہے۔ (۱۲) حوت مچھلی ۔۔ اسرار النجوم ص ۲۶

۷۔ بروج کے عناصر کی تذکیر و تانیث ۔

(۱) حمل۔ مذکر (۲) ثور۔ مونث (۳) جوزا۔ مذکر۔ (۴) سرطان۔ مونث (۵) اسد۔ مذکر۔ (۶) سنبلہ۔ مونث (۷) میزان۔ مذکر (۸) عقرب۔ مونث (۹) قوس۔ مذکر (۱۰) جدی۔ مونث (۱۱) دلو۔ مذکر (۱۲) حوت۔ مونث۔ اسرار النجوم ص ۲۶

۸۔ سیارگان کی رفتار ۔ بروج میں سیارگان کی حرکت کی رفتار مقرر ہے۔ اور ہر سیارہ اپنی منزل کو مقررہ مدت میں عبور کرتا ہے۔

۱۔ شمس ۔ ۳۰ یوم میں ایک برج طے کرتا ہے۔

۲۔ قمر ۔ $2\frac{1}{4}$ دن میں ایک برج طے کرتا ہے۔

۳۔ مریخ ۔ ۴۵ دن میں ایک برج طے کرتا ہے۔

۴۔ عطارد ۔ ۲۳ یوم میں ایک برج طے کرتا ہے۔

۵۔ مشتری ۔ ۱۳ ماہ میں ایک برج طے کرتا ہے۔

۶۔ زہرہ ۲۷ یوم میں ایک برج طے کرتا ہے۔

۷۔ زحل $2\frac{1}{2}$ سال میں ایک برج طے کرتا ہے۔

۸۔ راس و ذنب ہر ایک $1\frac{1}{2}$ میں ایک برج کو طے کرتے ہیں۔ اسرار النجوم ص ۲۷

۹۔ ماہیت بروج = بلحاظ ماہیت بروج کو تین اقسام میں بیان کیا جاتا ہے۔

منقلب حمل۔ سرطان۔ میزان۔ جدی

ثابت ثور۔ اسد۔ عقرب۔ دلو۔

ذوجسدین جوزا۔ سنبلہ۔ قوس۔ حوت۔

۱۰۔ عناصر بروج = عنصر کے لحاظ سے بروج کو مندرجہ ذیل چار اقسام میں بیان کیا جاتا ہے۔

(۱) آتشی حمل۔ اسد۔ قوس۔

(۲) خاکی ثور۔ سنبلہ۔ جدی۔

(۳) بادی جوزا۔ میزان۔ دلو۔

(۴) آبی سرطان۔ عقرب۔ حوت۔ راہنمائے علم نجوم ص ۲۸

۱۱۔ مختلف عنصری بروج کا ملاپ = مختلف عناصر سے تعلق رکھنے والے بروج جب آپس میں ملیں گے۔ تو کس طرح کے اثرات پیدا ہوں گے۔ ان کا جائزہ لینا بھی خالی از منفعت نہ ہوگا۔ اور آپ کو نجوم کے ایک خاص پہلو سے روشناس کرے گا۔

(۱) آتشی و آبی بروج = جب آپس میں ملیں گے۔ پانی (آب) آتش (آگ) کو ٹھنڈا کرنے یعنی بجھانے کا عمل انجام دے گا۔ سو ہم کہہ سکتے ہیں کہ دونوں کے باہمی تعلقات و اثرات ناخوشگوار ہیں۔

(۲) آتشی و خاکی بروج = جب یہ دونوں آپس میں ملیں گے تو ظاہر ہے کہ خاک (مٹی) جو بذاتہ خود خشک و بنجر ہوتی ہے۔ اور جلنے سے عاری آتش کو دبانے کا کام ہی کر سکتی ہے۔

(۳) آتشی و بادی بروج = جب یہ آپس میں ملیں گے تو مثبت اثرات پیدا ہوں گے۔ کیونکہ باد (ہوا) آگ کو بڑھانے اور پھلنے پھولنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔

(۱) خاکی و آتشی بروج = جب آپس میں ملیں گے تو ظاہر ہے۔ خشک مٹی کو آگ بھونتے اور بریاں کرنے کا ذریعہ بنے گی۔ اور خاک کے کسی کام نہ آئے گی۔ مناسبت ان دونوں کا ان کا خشک ہونا ہے۔

(۲) خاکی اور آبی بروج = جب آپس میں ملیں گے۔ تو خوشگوار اثرات پیدا ہوں گے۔ مٹی کے لیئے پانی زندہ کرنے اور طاقت بہم پہنچانے کا عمل انجام دیکر اس کو سرسبز کرتا ہے۔ اور بار آور بناتا ہے۔

(۳) خاکی و بادی بروج = جب آپس میں ملیں گے تو ظاہر ہے۔ خشک مٹی کو مزید خشک کرنے کا عمل اور اس کو پھیلانے و منتشر کرنے کا عمل ہوا سرانجام دے گی۔ جو کسی طور پر بھی بہتر نہیں

(۱) بادی و آتشی بروج = جب یہ دونوں آپس میں ملیں تو مثبت اثرات پیدا ہوں گے۔ کیونکہ باد و آتش باہم ایک دوسرے کو خوش کن انداز میں ملتے ہیں۔ اور باہمی پھیلاؤ کا باعث ہیں۔

(۲) خاکی و بادی بروج = جب یہ دونوں بروج آپس میں ملیں گے۔ تو منفی اثرات پیدا ہوں گے۔ کیونکہ باد خاک کو منتشر کرنے اور خشک کرنے کا عمل سرانجام دیتی ہے۔ زمین کے اندر موجود باد حبس زدہ اور غلیظ ہو جاتی ہے۔ جیسے کہ غاروں اور کھوہ وغیرہ کے اندر ہوا۔

(۳) بادی اور آبی بروج = جب یہ دونوں ملیں گے تو پسندیدہ نتیجہ ظہور پذیر نہیں ہوتا۔ کیونکہ باد کبھی بھی پانی کے دباؤ کو برداشت نہیں کرتی۔ بلکہ اس سے نکل جانے کی کوشش کرتی ہے۔ یہ بات بہرحال اپنی جگہ ہے کہ ہوا پانی میں تحلیل ہو جاتی ہے۔ مگر ایک حد تک۔

(۱) آبی و آتشی بروج = ان کو باہم کوئی میل نہیں آب آتش کو فنا کرنے یعنی بجھانے اور آتش آب کو فنا کرنے یعنی بھاپ بنا کر اڑانے کا کام انجام دیتی ہے۔

(۲) آبی و خاکی بروج = آب خاک میں جذب ہونے اور اس کو نئی زندگی دینے کا مثبت عمل سرانجام دیتی ہے۔ اور نظامِ حیات قائم رکھتی ہے۔

(۳) آبی و بادی بروج = یہ کچھ عجیب امتزاج ہے۔ باد آہستگی کے ساتھ آب کو بخارات میں تبدیل کر کے فضا میں تحلیل کرنے کا باعث ہوتی ہے۔

(راہنمائے علم نجوم از خالد اسحاق ص ۵۰)

(نوٹ) آتشی اور بادی مثلث سے تعلق رکھنے والے بروج کو مذکر یا مثبت بروج کہتے ہیں۔

خاکی اور آبی " " " " " " مونث یا منفی " " " "

(راہنمائے علم نجوم ص ۵۳)

۱۲ - کواکب =

علم فلکیات ان علوم میں سے ایک ہے۔ جن کا شمار دنیا کے قدیم ترین علوم میں ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر اس میں اجرام فلکی کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کی کئی ایک نئی شاخیں بھی ہیں۔ انسان زمین پر رہنے کے باعث اول شمس و قمر سے متاثر ہوا۔ اور پھر دوسرے کواکب اور ستاروں کے جھرمٹوں اور تارا منڈلیوں وغیرہ کی طرف اس کی پر تجسس طبع نے رجوع کیا۔ اور وقت کے ساتھ ساتھ وہ اس کے زیر نگیں آتے چلے گئے۔ سائنسی ترقی اور نت نئے آلات کی ایجاد کے ساتھ ساتھ کائنات کے مطالعے اور تحقیق کا سلسلہ لامحدود وسعت اختیار کر چکا ہے۔ تاہم علم نجوم کی حد تک ہمارا تعلق بنیادی طور پر شمس۔ قمر۔ زمین عطارد۔ زہرہ۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔ یورانس۔ نیپچون۔ پلوٹو۔ راس۔ اور ذنب سے ہے۔ ذیل میں ان پر علم فلکیات کے حوالے سے کچھ بحث کریں گے۔ تاکہ قارئین جان سکیں۔ کہ ان کی فلکی اور نجومی خصوصیات اور اثرات میں کیا مماثلت ہے۔ اور یوں بھی ایک ماہر نجومی کو کسی نہ کسی حد تک مزید علم فلکیات کی خبر ہونی چاہیئے۔ ورنہ اس کا نجوم کا علم ناقص اور نامکمل ہے۔ نجوم میں ان تمام اجرام فلکی کو کواکب یا ستاروں کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یہ ترکیب صرف اور صرف سہولت کے لیئے استعمال کی جاتی ہے۔ ورنہ یہ اجرام فلکی چار گروہوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ (۱) شمس ستارہ ہے۔ (۲) قمر طفیلی سیارہ ہے۔ (۳) عطارد۔ زہرہ۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔ یورانس۔ نیپچون اور پلوٹو سیارے ہیں۔ (۴) راس و ذنب غیر مادی وجود (سایہ) ہیں۔

یاد رکھیں علم فلکیات میں ستارہ اس مادی جسم کو کہا جاتا ہے۔ جو ایک جگہ قائم ہو۔ جس کے گرد دوسرے اجرام فلکی گھومتے ہیں۔ ستارے کے گرد گھومنے والے ان اجرام فلکی کو سیارہ کہا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے شمس ستارہ ہے۔ اور باقی سیارے کہلاتے ہیں۔ چاند ایک طفیلی سیارہ ہے۔ کیونکہ اول یہ زمین کے گرد گھومتا ہے۔ اور پھر زمین کے ساتھ مل کر شمس کے گرد گھومتا ہے۔ شمس کی اس مرکزی حیثیت کی وجہ سے اس تمام سلسلے یا گروپ کو نظام شمسی کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

اب مندرجہ ذیل ستارہ اور سیاروں کے بارے میں گفتگو ہوگی جو یہ ہے۔

(۱) شمس : شمس یا سورج زمین سے (149.6×10^6) کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ اور اپنے محور کے گرد کم و بیش ۲۵ پچیس دنوں میں ایک گردش مکمل کرتا ہے۔ بظاہر ٹھوس نظر آنے والا یہ ستارہ انتہائی درجے کی حدت کے باعث مسلسل بھڑکتی گیسوں کا ایک مجموعہ ہے۔ جس میں ۷۳ فی صد ہائیڈروجن ۲۵ فی صد ہیلیم اور ۲ فیصد دیگر عناصر گیسی حالت میں موجود ہیں۔ شدت کی حرارت کے باعث شمس پر موجود ہائیڈروجن کے ایٹم ہیلیم میں تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اور شمس کی طاقت و حرارت کا باعث بنتے ہیں۔ اس عمل کے باعث شمس کا جسم تحلیل ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اور مستقبل بعید میں ایک وقت ایسا آئے گا۔ جب شمس کا مادہ فنا ہو جائے گا۔ اور تمام زمینی حیات شدت کی سردی کے باعث ختم ہو جائے گی یا پھر نظامِ شمسی طاقت کے توازن میں خلل کے باعث تباہ و برباد ہو جائے گا۔

(شمس گرہن)

شمس کی ایک خاص حالت گرہن ہے۔ جس کے زیر اثر نجومی احکام بیان کیئے جاتے ہیں۔ جب چاند زمین اور شمس کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔ اور شمس کی روشنی زمین پر نہیں پہنچ پاتی بلکہ قمر سے ٹکرا کر منعکس ہو جاتی ہے۔ تو اس حالت کو شمس یا سورج گرہن کہا جاتا ہے۔ یہ جزوی اور مکمل دو قسم کا ہوتا ہے۔ اور ہر سال دو سے پانچ تک سورج گرہن لگتے ہیں۔

(۲) قمر : شمس کے بعد انسانی دلچسپی کا دوسرا منبع قمر ہے۔ شمس کے بعد سب سے چمکدار اور ٹھنڈی روشنی دینے والا یہ طفیلی سیارہ حقیقت میں بے نور ہے۔ شمس کی روشن شعاعیں اس پر پڑتی ہیں۔ اور یہ ہمیں اس وجہ سے روشن چمکدار نظر آتا ہے۔ اس کا صرف ایک رخ زمین کے سامنے رہتا ہے۔ یہ زمین سے تقریباً ۲ لاکھ میل دور ہے۔ کسی اچھی دوربین سے دیکھنے پر اس کی سطح کا بخوبی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ اپنی محوری گردش اور زمین کے گرد گردش ایک ہی عرصے میں مکمل کرتا ہے۔ اس کا ایک چکر تقریباً 27.33 دنوں میں مکمل ہوتا ہے۔ تاہم یہ زمین سمیت سورج کے گرد گھوم رہا ہے اور اس کی روشنی سے روشن نظر آتا ہے۔ اس لیئے ایک نئے چاند سے دوسرے نئے چاند کا فاصلہ تقریباً ساڑھے انتیس دن میں مکمل ہوتا ہے۔ دراصل ایک دو دن میں شمس سے کچھ فاصلے پر چلے جانے کے بعد ہلال کی صورت میں نظر آتا ہے۔ قمر کی مختلف حالتیں۔ نیا چاند۔ ہلال۔ بدر وغیرہ جن پر بعض

نجومی احکام کا دارومدار ہے۔ حقیقت میں چاند کا گھٹنا بڑھنا نہیں۔ بلکہ شمس وقمر کی باہمی حرکت اور اس پر پڑنے والی روشنی کے ادل بدل کے باعث یہ شکلیں بنتی ہیں۔ اور بعض قمر کا کوئی مخصوص حصہ روشن یا تاریک نظر آتا ہے۔ جس کو قمر کی مختلف حالتیں کہا جاتا ہے۔

(چاند گرہن)

شمس کی طرح چاند گرہن بھی نجومی حساب میں اہمیت کا حامل ہے۔ جب زمین گردش کرتی ہوئی شمس اور قمر کے درمیان آ جاتی ہے۔ تو شمس کی روشنی چاند تک نہیں پہنچ پاتی بلکہ زمین سے ٹکرا کر منعکس ہو جاتی ہے۔ تو اسے چاند گرہن کہتے ہیں۔ مکمل چاند گرہن کا عرصہ ڈیڑھ گھنٹے تک ممکن ہے۔

(۳)۔ عطارد = عطارد شمس سے 57.9 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس کا قطر 3,100 میل ہے۔ شمس کے قریب ہونے کے باعث اس کا درجہ حرارت 400 تک پہنچ جاتا ہے۔ اس کا اندرونی حصہ فولاد پر مشتمل ہے۔ پانی اور ہوا کمیاب ہے۔ اور فضا میں دھواں کثرت سے ہے۔ عطارد کا ایک دن۔ زمین کے 176 دنوں کے برابر ہے۔ پہلے اس کے بارے میں خیال تھا۔ کہ یہ اپنے محور پر اور سورج کے گرد گردش ایک ہی وقت یعنی تقریباً 88 دنوں میں مکمل کر لیتا ہے۔ لیکن جدید تحقیق سے ثابت ہوا ہے۔ کہ اپنے محور پر اس کی گردش 59 دنوں میں مکمل ہو جاتی ہے۔

(۴)۔ زہرہ = زہرہ زمین سے 108.2 ملین کلومیٹر پر واقع ہے۔ اس کا قطر 7600 میل ہے۔ یہ زمین سے قریب ترین سیارہ ہے۔ زمین اور زہرہ کا باہمی فاصلہ بعض اوقات بہت زیادہ ہو جاتا ہے۔ یہ ایک روشن سیارہ ہے۔ جس کا درجہ حرارت عطارد سے بھی زیادہ ہے۔ اور فضا گندھک کے تیزاب کے بادلوں پر مشتمل ہے۔ جو کہ انسانی زندگی کے لئے زہر قاتل ہے۔ دوسرے کواکب کے برعکس زہرہ اپنے محور پر مغرب سے مشرق کی بجائے۔ مشرق سے مغرب کی طرف گردش کرتا ہے۔ جو کہ حد درجہ حیرت انگیز ہے۔ یہ سورج کے گرد ایک چکر 224.7 دنوں میں مکمل کرتا ہے۔

(۵) زمین۔ کرہ ارض۔ انسان کی بستی کائنات میں واحد سیارہ ہے۔ جس پر زندگی پائی جاتی ہے۔ شمس سے تیسرا سیارہ اور اس سے 149.2 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ جس کا قطر۔ 12756 کلومیٹر ہے۔ زمین ایک ہزار میل فی منٹ کی رفتار سے شمس کے گرد اپنا چکر 365

دن 5 گھنٹے 40 منٹ اور 46 سیکنڈ میں مکمل کرتی ہے۔ اس کی محوری گردش 23 گھنٹے 56 منٹ میں مکمل ہوتی ہے۔

(4) مریخ = مریخ شمس سے 227.9 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس کا قطر 4200 میل ہے۔ یہ سرخ رنگ کا دہکتا ہوا سیارہ ہے۔ جہاں زندگی ممکن نہیں۔ زمین اور مریخ کو دوست بھی کہا جاتا ہے۔ جس کی وجوہات میں دونوں کا محور قدرے ترچھا ہونا۔ کمیت اور حجم میں مشابہت دونوں پر برفانی منجمد علاقے اور ایک جیسی محوری گردش ہے۔ اس کی محوری گردش 24 گھنٹے 28 منٹ میں مکمل ہوتی ہے۔ جبکہ شمس کے گرد یہ ایک چکر ایک سال 322 دنوں میں مکمل کرتا ہے۔

(5) مشتری = مشتری شمس سے 778.3 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ایک چمکدار سیارہ ہے۔ جس کی فضا میں گہرے بادل چھائے رہتے ہیں۔ جو کہ امونیا اور میتھین گیسوں کے بنے ہوئے ہیں۔ اس کا قطر 143800 کلومیٹر ہے۔ یہ شمس کے گرد گردش آٹھ میل فی سیکنڈ کی رفتار سے 11.86 سال میں مکمل کرتا ہے۔ تاہم یہ اپنی محوری گردش دس گھنٹے کے اندر مکمل کر لیتا ہے۔ اس طرح اس کا دن ہمارے دن کے نصف سے بھی کم ہے۔

(8) زحل = زحل شمس سے 1427 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع سبز رنگ کی ایک طشتری کی شکل لیئے ہوئے ہے۔ اس کے گرد تین گہرے اور تین مدہم حلقے ہیں۔ جن کا نظارہ خاصا دلچسپ ہے۔ اس کا قطر 120000 کلومیٹر ہے۔ اس کی مرکزی سطح چٹانی ہے۔ اوپری سطح پر ہائیڈروجن میتھین اور امونیا گیس موجود ہیں۔ یہ اپنی محوری گردش 10 گھنٹے 36 منٹ میں مکمل کرتا ہے۔ جبکہ سورج کے گرد 29.46 سال میں چکر پورا کرتا ہے۔ یہ قدیم مشاہدہ سیاروں کی آخری کڑی ہے۔

(9) یورانس = یورانس شمس سے 2870 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس کا قطر 49500 کلومیٹر ہے۔ اس کو 13 مارچ 1781ء کو ہرشل نے دریافت کیا تھا۔ اس کی سطح کا درجہ حرارت بہت کم ہے۔ یہ بظاہر سبز اور نیلے رنگ کا معلوم ہوتا ہے۔ اس کا اندرونی حصہ چٹانی اور فضا ہائیڈروجن ہیلیم اور میتھین سے مل کر بنی ہوئی ہے۔ یہ سورج کے گرد ایک چکر 84.01 سالوں میں مکمل کرتا ہے۔

(۱۰) نیپ چون = یہ شمس سے 4497 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس کا قطر 52290 کلو میٹر ہے۔ یہ اس قدر سرد ہے۔ کہ انسانی زندگی قائم نہیں رہ سکتی۔ اس کا رنگ سبز اور فضا میں میتھین گیس لیئے ہوئے ہے۔ نیپ چون کی مداری حرکت میں اختلاف ہے۔ اس کو پہلے حسابی جمع تفریق کے ذریعے دریافت کیا گیا۔ تاہم حقیقی طور پر پہلی بار 23 ستمبر 1846ء میں موہان گیلی نے اس کو دیکھا۔ اور دریافت کیا۔ اپنے محور کے گرد یہ پندرہ گھنٹے اور مدار پر 164،79 میں چکر مکمل کرتا ہے۔

(۱۱) پلوٹو = پلوٹو شمس سے 5900 ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس کا قطر 2400 کلومیٹر ہے۔ ظاہر ہے زمین سے اس قدر بعید فاصلے پر ہونے کے باعث اس کی فضا یا سطح کے بارے میں حتمی معلومات اتنی جلد اخذ نہیں کی جا سکیں۔ تاہم معلوم ہوا ہے۔ کہ اس پر منجمد میتھین کی تہہ جمی ہوئی ہے۔ اس کی دریافت بھی حسابی کمال کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ نیپ چون کی دریافت کے باوجود یورانس کی مداری حرکت میں اختلاف کا پہلو حل نہ ہوا۔ جس کے نتیجے میں ایک اور سیارے کی تلاش شروع ہوئی۔ اور 13 مارچ 1930ء کو اس کو دریافت کرنے کا باقاعدہ اعلان ہوا۔ اس کی محوری گردش ساڑھے چھ دن اور شمسی گردش 247.69 سال ہے۔ یہ فی الحال آخری دریافت شدہ سیارہ ہے۔


از خالد اسحاق راہنمائے علم نجوم ص۵۴ تا ۵۹

حالات ہفت سیارگان

قدرتی طلسم سے ہماری مراد موجودات عالم سے ہے۔ جو قدرت خداوندی کا ایک بڑا بھاری طلسم ہے۔ جس کی حقیقت جاننے سے عقل عاجز ہے۔ ذرا غور فرمائیں۔ کہ یہ گول دائرہ کس طرح بے ستون قائم ہے۔ اور کس طرح رات دن گردش میں رہتا ہے۔ اور اس کے زیریں افلاک مثل چکی کے کس حکمت اور کاریگری سے پھرتے ہیں۔ ان میں بعض تیز رفتار اور بعض سست رفتار ہیں۔ جن کی دوامی حرکت میں کوئی فتور نہیں آتا۔ بے شمار چاند مثل شمع کے روشن ہیں۔ جن میں بعض برنگ سرخ اور بعض مائل بسپیدی اور بعض مائل بزردی نظر آتے ہیں۔ آفتاب ایک سال میں مکمل دورہ فلک کر کے اپنے نقطۂ اعتدال پر آتا ہے۔ ہر روز مشرق سے نمودار ہو کر مغرب میں چھپ جاتا ہے۔ جس رات و دن اور وقت کی پہچان ہوتی ہے

اور موسم و گرما و سرما اور فصل بہار و خزاں کی ابتداء و انتہا اس سے معلوم ہوتی ہے۔ عالمان علم ہیئت کا قول ہے۔ کہ جرم آفتاب بہ نسبت کرہ زمین کے ایک سو ساٹھ (۱۶۰) گنا بڑا ہے۔ ادھر چاند پر نگاہ ڈالو کہ بوقت شب کس طرح اس کا نور درخشاں ہوتا ہے۔ یہ نورانی روشنی اس کو آفتاب سے حاصل ہوتی ہے۔ جو اپنے محور پر گردش کرتے ہوئے بتدریج رفتہ رفتہ سورج کے نزدیک ہوتا جاتا ہے۔ جس سے اس کی روشنی کم ہوتی جاتی ہے۔ اور آخر یہاں تک کہ آفتاب سے قریب ہو کر اپنی تمام روشنی کھو دیتا ہے۔ اور پھر آہستہ آہستہ اس سے دور ہوتا جاتا ہے۔ اور روشنی اس کی روز مرہ بڑھتی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ ۱۸۰ درجے کے فاصلہ پر اس کا تمام حصہ روشن و منور ہو جاتا ہے اس طرح باقی دوسرے ستارے بھی کرہ فلک میں اپنے اپنے محور پر رات دن گردش کرتے ہیں۔ اور اپنی نیک و بد تاثیر کرۂ ارض پر ڈالتے ہیں۔ جن کی حقیقت اور ماہیت جاننے سے عقل عاجز ہو کر جب سمجھ میں نہیں آتا تو آخر کار سربسجود ہو کر اس خالق کائنات کے عجائبات کا قائل ہونا پڑتا ہے۔ حکماء قدیم نے اس قدرتی طلسم کو حل کرنے میں محنت سے کام لیا ہے۔ اور اپنی علمی معلومات اور حکیمانہ تحقیقات سے اس قدرتی طلسم کا کچھ پردہ اٹھایا ہے۔ اور لکھا ہے۔ کہ آسمان گنبد کی طرح گول ہے۔ اور دو قطب شمالی و جنوبی اپنی قوت کشش سے اپنے اپنے نقطہ مرکز پر قائم ہیں۔ جن کے درمیان یہ گول گنبد لٹو کی طرح اپنے محور پر گھومتا ہے۔ آسمان اور زمین کے درمیان ایک قوت جاذبہ ہے۔ جس کی کشش سے یہ دونوں اپنے اپنے مرکز پر قائم ہیں۔ اور بے شمار ستارے جو مثل قنادیل اس چرخ نیلوفری میں روشن نظر آتے ہیں۔ یہ بھی اپنے اپنے مقام پر رات دن گردش کرتے ہیں۔ جن کی گردش سے حیرت انگیز نتائج پیدا ہوتے ہیں۔ اور ان کی تاثیر سے کرہ ارض پر عجیب و غریب صورتیں اور واقعات خیر و شر ظہور میں آتے ہیں۔ جو بالواسطہ موجودات عالم کو اپنی نیک و بد تاثیر سے متاثر کرتے ہیں۔ پس حکمائے متقدمین نے اپنے جوہر تحقیقات کے اصول و قواعد اور گردش افلاک کی تاثیر کو قلمبند کر کے اس کا نام علم نجوم رکھا ہے۔ اس علم کے اصول و قواعد بے شمار ہیں۔ شائقین کو چاہئے کہ اگر وہ طلسمات کا شوق رکھتے ہیں۔ تو حرکت افلاک اور ان کی تاثیر نیک و بد کا لحاظ رکھیں۔ ماہرین علم نجوم نے بذریعہ آلات رصدی کرۂ فلک کو شکل و شباہت کو بتلا کر بارہ بروج ہفت کواکب اور ۲۸ منازل کی صورتیں

قائم کی ہیں۔ جن کی حرکت و سکون سے عجیب و غریب تاثیرین کرۂ ارض پر نازل ہوتی ہیں۔
دیکھو صورت کرہ افلاک کی یہ ہے۔



یہ دنیا موجودات عالم کا مرکز ہے۔ اس کو کرہ خاکی کہتے ہیں۔ جس پر ہر ایک چیز مجسم خاکی نشوونما پاتی ہے۔ مزاج اس کا سرد و خشک ہے۔ اس کے بعد کرۂ آب ہے۔ مزاج اس کا سرد و تر ہے جو خاک کا بڑا بھاری معاون و مددگار ہے۔ اس کی خشکی کو اپنی تری سے مبدل کر کے مزاج اس کا معتدل

بنا دیتا ہے۔ اس لیئے خاک اور آب میں باہم دوستی ہے۔ دونوں باہم آپس میں ایک دوسرے کے ممد ہیں اس کے اوپر زمین سے تیسرا درجہ کرہ باد یعنی ہوا کا ہے۔ مزاج اس کا گرم تر ہے۔ یہ آب کا جزوی معاون اور خاک کا کلی دشمن ہے۔ چوتھے درجے پر کرۂ آتش ہے مزاج اس کا گرم خشک ہے۔ مگر باد کی تری اس کی خشکی کو زائل کر دیتی ہے۔ اس لیئے ان دونوں کے درمیان کلی دوستی ہے لیکن آتش اور خاک کی آپس میں جزوی مصالحت اور آتش و آب کی سخت مخالفت ہے۔ پس ان چاروں کا نام اربعہ عناصر ہے۔ جس کو کاریگر نے ایک ایسی خوبی سے زیر و بالا رکھا ہوا ہے۔ کہ جس سے ایک دوسرے کو واسطہ اور کام ہے۔ پانچویں درجہ پر کرہ قمر یعنی چاند اور چھٹے درجہ پر فلک عطارد یعنی بدھ۔ اور ساتویں درجہ پر فلک زہرہ یعنی شکر اور آٹھویں درجہ پر فلک شمس یعنی سورج اور نویں درجہ پر فلک مریخ یعنی منگل اور دسویں درجہ پر فلک مشتری یعنی جیوات اور گیارھویں درجہ پر فلک زحل اور بارھویں درجہ پر فلک ثوابت اور اس کے بعد فلک اطلس اور عرش المعظم ہے اس پر کوئی سیارہ نہیں۔ یہ بالکل سادہ ہے۔ اور بڑا ہونے باعث تمام افلاک پر محیط ہے۔ اس لیئے اس کو فلک اعظم بھی کہتے ہیں۔ اور یہ فلک بڑا سریع السیر ہے۔ جس کی حرکت کو کسی دیگر چیز سے مثال دینا سخت مشکل ہے۔ علم ہندسہ کے جاننے والے لکھتے ہیں۔ کہ جتنی دیر میں بڑا دوڑنے والا یعنی تیز رفتار گھوڑا اپنے دونوں قدم اگلے اٹھا کر زمین پر رکھتا ہے۔ اتنی دیر میں فلک اعظم ۳۰ ہزار کوس کا چکر کاٹتا ہے۔ اس فلک کی حرکت مشرق سے جانب مغرب ہوتی ہے۔ اور دیگر فلک جو اس کے زیر میں واقع ہیں۔ ان کی حرکت مغرب سے مشرق کو ہوتی ہے۔ اور ہر لحظہ و ہر گھڑی تمام افلاک گردش میں رہتے ہیں۔ اور دیگر کواکب اپنے اپنے محور پر صبح و شام گردش کرتے ہیں جن کی حرکات اور شکل و شباہت کے حالات سے آگاہ ہونا ضروری ہے۔

(۱) فلک قمر کا بیان

کرہ آتش سے اوپر کرہ قمر ہے۔ جو باعتبار اپنی ذاتی حرکت مغرب سے مشرق کو ۲۹ یوم ۳ گھڑی ۵۰ پل میں اپنا دور ختم کرتا ہے۔ اور اس میں اس کی دو حالتیں ہوتی ہیں۔ پکم سے چودھویں تک اس کا منور رُخ زمین کی طرف ہوتا ہے۔ اور بعد اس کے منور رُخ جانب اعلیٰ رہتا ہے۔ اور زمین کی طرف

غیر منور رُخ ہونے کے باعث تمام میں تاریکی چھا جاتی ہے۔ دراصل جرم قمر سیارہ اور تاریک ہے اور روشنی آفتاب سے حاصل کرتا ہے۔ پس جب چاند آفتاب کے ساتھ ایک برج اور ایک درجہ دقیقہ پر آجاتا ہے۔ تو نصف حصہ اس کا روشن آفتاب کی طرح اور نصف غیر روشن زمین کی طرف ہوتا ہے جس کو تحت الشعاع کہتے ہیں۔ اور جب آفتاب سے قریبًا ۱۲ درجہ کے فاصلہ پر ہوتا ہے۔ اس وقت اس کا کسی قدر روشن حصہ ہلال دکھائی دیتا ہے۔ اس طرح چوتھے روز حصہ چہارم اور آٹھویں روز نصف حصہ اور بارھویں روز ۵/۴ حصہ اور چودھویں روز تمام جرم آفتاب روشن اور منور ہو جاتا ہے۔ پھر اس طرح اس کے بعد جس طرح رفتہ رفتہ اس کے نور میں زیادتی ہوئی تھی۔ کمی ہونی شروع ہوتی ہے اور آخر ماہ میں پھر تحت الشعاع میں آجاتا ہے۔ اس طرح یہ قمر اپنی مسافت کو تمام کرتا رہتا ہے

(خواص قمر) یہ تو اظہر من الشمس ہے۔ کہ چاند کی نورانی روشنی شب تاریک کو روشن کرتی ہے۔ حکماء کا قول ہے۔ کہ جب نور قمر بڑھنا شروع ہوتا ہے۔ تو سمندر اور دریاؤں کا پانی چڑھاؤ پر ہوتا ہے۔ اور آبی جانوروں کی پیدائش کثرت سے ہوتی ہے۔ اور جسم ان کے تروتازہ ہوتے ہیں کتب میں مذکور ہے۔ کہ چودھویں شب کو سواتی نچھتر میں اگر بارش ہو تو موتی کثرت سے پیدا ہوتی ہیں دریاؤں کے پانی کی کمی بیشی کا دارومدار چاند پر ہے۔ اور علم الحیوانات کے جاننے والے اس بات کی شہادت دیتے ہیں۔ کہ زیادتی نور قمر میں بدن حیوانات فربہ اور قوی ہوتے ہیں۔ اور بال حیوانات کے بدن پر بہت جلد اور کثرت سے نکلتے ہیں۔ اور ابتدائے زیادتی نور قمر سے چودھویں تک حیوانات کے پستانوں میں دودھ کی زیادتی ہوتی ہے۔ اس طرح دودھ گزندہ جانوروں کا زہر زیادتی نور قمر میں بڑھ جاتا ہے۔ اور ان کے زہر کی تاثیر قوی ہو جاتی ہے۔ اور ایسے وقت میں کوئی گزندہ جانور سانپ یا بچھو وغیرہ کسی کو کاٹے تو اس کو تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔

علم النباتات کے علماء جانتے ہیں۔ کہ اگر کوئی پودا زیادتی نور قمر میں لگایا جائے تو وہ جلد بڑھتا ہے۔ اور اس کا پھل شیریں اور لذیذ ہوتا ہے۔ تمام فواکہ و میوجات کے رسوں کو لذیذ بنانے میں چاند کی روشنی کام دیتی ہے۔ ایک ہندی کتاب میں لکھا ہے۔ کہ انار کا بیج چاند کے روشن حصہ کی جس تاریخ کو بویا جائے۔ اتنے برس تک قائم رہے گا۔ جتنا اس تاریخ کا شمار ہے۔ اور جو پودا زیادتی نور قمر میں لگایا

جائے گا۔ وہ بہت جلد بار آور ہوگا۔ تجربہ اس بات کا گواہ ہے۔ کہ اکثر جنگلی بوٹیاں اور بعض پھولدار درخت
رات کو چاند کی روشنی میں زیادہ پھلتے اور پھولتے ہیں۔ اہل طبابت نے تجربہ سے اپنی مستند کتب میں لکھا ہے
کہ بسبب زیادتی نور قمر کے رگیں خون سے زیادہ پر ہوتی ہیں۔ اور حرارت مزاج میں زیادہ رہتی ہے۔ اس لئے کمزور
اور نا طاقت مریضوں کا فصد زیادتی قمر میں نہیں کرتے مبادا خون زیادہ نکل جانے سے کمزور ہو جائے۔ اور جو شخص
زیادتی نور قمر میں بیمار رہے تو اس کی طبیعت رفع بیماری پر زیادہ قادر ہوگی۔

(تجربہ) جو شخص برہنہ بدن چاندنے حصہ میں زیادہ بیٹھے یا سوئے تو اس کے بدن میں سستی اور
کاہلی اور زکام اور سر درد پیدا ہو جائے گا۔ اگر چاندنی رات میں کوئی شخص بالوں میں کنگھی کرے تو اس کے
سر میں کثرت سے جوئیں پڑ جاتی ہیں۔ اگر کوئی شخص ہر روز شب کو چاندنے حصہ میں چاند کی طرف ٹکٹکی باندھ
کر بلا ناغہ جس قدر مناسب ہو دیکھتا رہے۔ تو اس کی آنکھوں کی روشنی زیادہ ہوگی۔ مگر کم عقلی کا مادہ اس
میں زیادہ پیدا ہو جائے گا۔ تجربہ بتلا رہا ہے۔ کہ چاندنے حصہ کی پیدائش کا رنگ مائل سفیدی
اور اندھیرے حصہ کی پیدائش کا رنگ مائل بہ سرخی ہوگا۔ غرضیکہ زیادتی نور قمر سے جو آثار و خواص ہر
ایک چیز میں پیدا ہوتے ہیں۔ وہ کمی نور میں پیدا نہیں ہوتے۔ بلکہ برعکس اس کے اس میں کمی ہو جاتی ہے۔
اس حقیقی طلسم کے کیا کیا خواص بیان کئے جائیں۔

(منسوبات قمر) اہل نجوم اس کو ولی عہد اور شاہزادگان سے نسبت دیتے ہیں۔ مزاج اس کا سرد تر
بلغمی اور رنگ سفید مائل بہ زردی اور نسبت رکھتا ہے۔ قاصدوں اور پیغامبروں سے اور ان لوگوں سے
جو نقل وحرکت اور سفر زیادہ کرتے ہوں۔ اور ظاہر کرتا ہے۔ اسرار مخفی کو اور تعلق رکھتا ہے۔ جواہرات سفید
مثل ہیرا اور بلور موتی۔ اور زر نقرہ اور بندرگاہوں اور دریاؤں اور چشموں اور جائے آب رواں سے
اور حیوانات آبی اور جانوران سم شگافتہ سے نسبت رکھتا ہے۔ موکل اس کا اسمائیل ہے۔ بخور
لوبان و کافور ہے۔ (اسرار الطلسمات صفحہ ۸-۱۴) (از عامل پنڈت گردھاری لعل)

قمر کی کیفیت۔ عمدہ وزیر ہے۔ پیر کے دن کا حاکم ہے۔ قمر کو ایک ماہ میں ۲ ۱/۴ سوا دو دن
مشرف رہتا ہے۔ برج ثور کے درجہ ۱۳ پر زیادہ قوی ہوتا ہے۔ قمر و شمس تثلیث اور تسدیس
سے سعد ہیں۔ مقارنہ۔ تربیع اور مقابلہ سے نحس ہیں۔ جنس مونث مزاج بلغمی سرد تر ہے اور

اصغر ہے۔ قمر برج سرطان کا مالک ہے۔ اس کے دور کی مدت (۱۰) دس سال ہے۔ بلحاظ پیدائش مولود
عمر کے ۱۰ - ۲۰ - ۲۴ - ۲۸ - اور ۷۱ سال میں خاص اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن کامل ثمرہ ۲۴ سال کی
عمر میں ہوتا ہے۔ اس سیارہ والا قوت فکر کا مالک اور علمی تحقیقات سے دلچسپی رکھتا ہے۔ طبیعت نیکی اور
احسان کی طرف مائل ہوتی ہے۔ ہمدردی کے جذبات ابھر آتے ہیں۔ اس کے دور اکبر میں ترقی اقبال،
بلندی مرتبہ۔ دوستوں اور رشتہ داروں سے مفاد مال و زر کا فائدہ۔ راگ ورنگ کا شوق اور عیش و عشرت
میں زندگی بسر ہو۔ عورت خوبصورت ملے۔ اور سواری اعلیٰ درجہ کی نصیب ہو۔

یہ سیارہ مالدار ہے۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت ہوتی ہے۔ لیکن یہ کسی کی پرواہ نہیں کرتا تنہائی
پسند ہوتا ہے۔ اگر قمر ضعیف اور کمزور ہو تو اس کی خوبیاں برائیوں میں بدل جاتی ہیں۔ اور خود غرض ہو
جاتا ہے۔ جھوٹ۔ مکر وفریب۔ عیاشی۔ اور فضول خرچی کی طرف راغب ہو جاتا ہے۔ غم و فکر میں مبتلا رہتا
ہے۔ جو شخص پیر کے دن پیدا ہو۔ وہ خوش خوراک۔ خوش لباس۔ اور جنسی خواہش رکھے صاحب علم
ذی فنون۔ ہنرمند اور صاحب مروت ہو۔ اس سیارہ کا تعلق بازاری آدمیوں۔ اور ادنیٰ قسم کے لوگوں
سے ہے۔ مال و زر قلیل ملے۔ گھر سے دور دوسری جگہ خوشی اور سکون ملے۔ اتوار پیر منگل اور جمعرات کا
دن ہر کام کے لیئے مبارک ہے۔ شمس اور مریخ سیارے والے اس کے دوست اور مشتری اور زحل والے
اس کے دشمن ہیں۔ اس کی ساعت میں وسعت رزق اور کاروبار کی ترقی کے لیئے تعویزات کیے
جاتے ہیں۔ اور اعمال پڑھے جاتے ہیں۔ صاحب سیارہ کی عمر کے لحاظ سے ہر دسویں سال ترقی وکامیابی
اور فتح ونصرت کے خاص اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ قمر کو برج ثور کے درجہ ۳ میں شرف عقرب کے
درجہ ۳ میں ہبوط ہے۔ برج سنبلہ میں اوج برج حوت میں حضیض۔ جوزا میں فرح۔
اور قوس میں ترح۔ سرطان میں ترفع و عروج۔ اور برج جدی میں وبال و زوال ہے۔

نجوم وبروج۔ از پیر سید بادشاہ علی شاہ جیلانی) ص ۹۸

(۲) فلک عطارد کا بیان۔ اہل ہند اس کو بدھ کہتے ہیں۔ فلک قمر کے اوپر فلک
عطارد ہے۔ یہ ایک سال میں اپنا تمام دور پورا کرتا ہے۔ اور ہمیشہ آفتاب کے پس وپیش رہتا ہے۔ ۱۸ درجہ

سے زیادہ تفاوت نہیں کرتا۔ اس کو رجعت زیادہ ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ گاہے گاہے طلوع غروب ہوتا رہتا ہے۔ جب آفتاب سے اس کا فاصلہ تخمیناً ۱۳ درجہ کا ہوتا ہے۔ اس وقت غروب ہو جاتا ہے۔ اور اس کے بعد پھر طلوع کرتا ہے۔ جب یہ مشرق میں غروب ہوتا ہے۔ تو پھر ۳۲ یوم کے بعد مغرب میں طلوع ہوتا ہے۔ اور پھر طلوع ہونے کے ۳۲ یوم بعد رجعت میں ہو جاتا ہے۔ اور رجعت کے ۳ دن بعد مغرب میں غروب ہو جاتا ہے۔ اور پھر غروب ہونے کے ۱۶ دن مشرق میں طلوع کرتا ہے۔ اور طلوع ہونے کے ۳ دن بعد استقامت میں ہوتا ہے۔ اور اس کے بعد پھر ۳۲ یوم میں مشرق کی طرف غروب ہو جاتا ہے۔ غرضیکہ اس کی چال نہایت ٹیڑھی ہے۔ جس کا حال رائج الوقت جنتریوں میں بخوبی معلوم ہو سکتا ہے۔ منجمان کے نزدیک یہ منافق ہے۔ کیونکہ جس سیارہ کے ساتھ قران کرتا ہے۔ فوراً اس کے تاثیر سعد کے ساتھ۔ اور نحس کے ساتھ نحس قبول کر لیتا ہے۔

۱۔ (خواص عطارد) اس کو دبیر فلک کہتے ہیں۔ قوت ناطقہ اس میں زیادہ ہے۔ گویائی اور تیزی طبع اور دانشمندی کی زیادہ تاثیر بخشتا ہے۔ موجودات عالم میں عقل اور ذہن کا مادہ زیادہ کرتا ہے۔ جب یہ کسی سعد سیارہ کے نزدیک ہوتا ہے۔ تو خوشحالی اور زیادتی عقل و ذہن کی تاثیر بخشتا ہے۔ اور کسی نحس سیارہ کے نزدیک ہو تو مکاری اور حیلہ گری اور دغا و فریب کی تاثیر دیتا ہے

۲۔ (منسوبات عطارد) فلک دوم کا مالک ہے۔ مزاج اس کا سرد خشک ہے۔ طاقت مردمی نہیں رکھتا۔ اس لیئے اس کو سرد مزاج اور بعض نحس کہتے ہیں۔ نسبت رکھتا ہے۔ ساتھ شاعروں اور مصوروں اور دستکاروں اہل حکمت اور منجمان اور حساب دان اور طبیبوں اور شعبدہ بازوں اور جادوگری اور سحر و افسوں کے جاننے والوں سے اور تعلق رکھتا ہے۔ اہل قلم سے اور پرندگان کبوتر طوطی لدبرغ اور جواہرات سے کہربا اور ہڑتال و سیماب اور مدرسوں اور عمارتوں اور کتب خانوں سے اور موکل اس کا سمخائیل اور بخور اس کا لوبان۔ گوگل و بادام و جنبیلی کی جڑ ہے۔ اسرار الطلسمات ص ۱۴ – ۱۶

(۳) (عطارد کی کیفیت) ۔ عہدہ منشی و کاتب ہے۔ فلک دوم سے منسوب ہے۔ بدھ کے دن کا حاکم ہے۔ عطارد کو ایک سال میں ستائیس ۲۷ دن کے لیے شرف آتا ہے۔ برج سنبلہ کے ۱۵ درجہ پر زیادہ قوی ہوتا ہے۔ جنس ممتزج ہے۔ مزاج معتدل بادی گرم تر ہے۔ سعد و نحس سیارہ کا

اثر قبول کرتا ہے۔ برج جوزا و سنبلہ کا مالک ہے۔ اس کے دور کی مدت ۱۷ سال ہے۔ بلحاظ پیدائش
عمر کے ۔ ۱۲ ۔ ۱۷ ۔ ۲۲ ۔ ۳۲ ۔ ۳۴ ۔ ۶۰ سال میں خاص اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن کامل ثمرہ
۳۲ سال کی عمر میں ہوتا ہے۔ اس سیارہ والا عقلمند۔ فہمیدہ دور اندیش اور حکمت عملی
سے کام لینے والا۔ علم کا شائق۔ سست عمری۔ و نفسیات کا شوقین۔ اہل قلم۔ خوش نویس۔ مصور۔ عالم
فاضل۔ متقی۔ پرہیزگار۔ عابد۔ زاہد۔ تاجر۔ کارخانہ بزرگوں کی نیک صحبت نصیب ہو۔ رحمدل اور
نقصان کے باوجود ساتھ نہیں چھوڑتا۔ بدھ جمعرات اور ہفتہ کا دن ہر کام کے لیئے مبارک ہو۔ شمس اور
مریخ سیارے والے دوست ہوں۔ زہرہ والے دشمن ہو۔ جو شخص بدھ کے دن پیدا ہو۔ وہ صاحب
دین وایمان ہو۔ نیک بخت۔ پاکدامن۔ دولتمند اور عابد و زاہد ہو۔ نیک کام کرے۔ اور بہت خیرات کرے۔
تحریر و تقریر میں ملکہ ہو۔ صاحب سیارہ کی عمر کے لحاظ سے ہر سترہ سال ترقی و کامیابی اور فتح و نصرت
کے خاص اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ اس کی ساعت میں فہم و حافظہ اور تعلیم کے حصول کے تعویزات
لکھے جاتے ہیں۔ اور اعمال پڑھے جاتے ہیں۔

عطارد کو برج سنبلہ کے درجہ ۱۵ میں شرف۔ حوت کے درجہ ۱۵ میں ہبوط۔ عقرب کے
درجہ ۵ میں اوج ثور کے درجہ ۵ میں حضیض حمل میں فرح ۔ میزان میں ترح۔ سنبلہ میں ترفع۔ حوت
میں وبال۔ جوزا میں عروج اور قوس میں زوال ہے۔ نجوم و بروج صفحہ ۱۰۲ - ۱۰۳

(۳) فلک زہرہ کا بیان ۔ منجمان ہند اس کو جمعہ کہتے ہیں۔ فلک عطارد کے
اوپر اس کا فلک گردش کرتا ہے۔ اور تخمیناً ایک سال میں دورہ مکمل کرتا ہے۔ یہ فلک کبھی رجعت و استقامت
میں رہتا ہے۔ اور بحالت مستقیم آفتاب کے آگے۔ اور بحالت رجعت آفتاب کے پیچھے رہتا ہے۔ اور
آفتاب سے ۱۱ درجہ کے فاصلہ پر غروب ہو جاتا ہے۔ یہ سیارہ بدون کسی آلات کے آسمان پر خوشنما
شکل پر نظر آتا ہے۔ زمیندار لوگ اس کو صبح کا سیارہ کہتے ہیں۔ جب یہ مشرق میں غروب ہوتا ہے تو
پھر دو ماہ کے اندر مغرب میں طلوع کرتا ہے۔ اور طلوع ہونے کے بعد ۲۴۰ یوم کے اندر رجعت میں
ہو جاتا ہے۔ اور رجعت ہونے کے بعد ۲۲ یوم کے اندر مغرب میں غروب ہو جاتا ہے۔ اور غروب ہونے کے

بعد ۸ یوم کے اندر مشرق میں طلوع کرتا ہے۔ اور طلوع ہونے کے بعد پھر ۲۲ یوم کے اندر استقامت اختیار کرتا ہے۔ اور بعد استقامت کے پھر ۲۴ یوم کے اندر مشرق میں غروب ہو جاتا ہے۔ اہل نجوم اس کو سعد اصغر کہتے ہیں۔

(۱) خواص زہرہ = اس سیارہ کی سعادت سے عالم میں عشق و محبت زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ اور لوگ عیش و عشرت کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ قوت شہوانی زیادہ پیدا کرتا ہے۔ اعلیٰ خاندان کی حسین خواتین کی تسخیر میں عامل لوگ اس سے زیادہ کام لیتے ہیں۔ منجموں کا قول ہے کہ اگر بوقت شادی یا وصل عورت کے وقت زہرہ خوشحال اور ناظر ہو تو دونوں میں تا حیات الفت و محبت قائم رہتی ہے۔ اور ایک دوسرے پر دل و جان فدا رہتے ہیں۔ جو شخص ہر روز زہرہ کو دیکھے اس کی طبیعت میں فرحت اور سرور زیادہ ہو۔ اور اس کی طبیعت لہو لعب اور عشق بازی اور راگ و رنگ کی طرف زیادہ مائل رہتی ہے۔

(۲) منسوبات زہرہ = فلک سوم کا مالک ہے۔ رنگ گندمی بقول بعض سفید اور چمکدار مزاج سرد تر بقول بعض بادی بلغمی۔ تعلق اس کا روز جمعہ ہے۔ شکل عورت نوجوان۔ خوش طبع۔ عقلمند۔ راگ و رنگ کی شائق ہے۔ تعلق رکھتی ہے عیش و عشرت اور نشاط و لذت۔ عشق و محبت اور خوبصورت عورتوں جن کی عمر عین عالم شباب میں ہو۔ اور خوش نما پھولوں سے نسبت رکھتا ہے۔ جانوروں خرگوش۔ پرندوں فاختہ۔ کبوتر۔ جواہرات لاجورد سنگ سفید۔ و زہرہ مہرہ فیروزہ اور خوبصورت مقامات سے تعلق رکھتا ہے شکل اس کا صاعد ریاتیل ہے۔ اور بخور عود و لبان ہے۔ اسرار الطلسمات ص ۱۶ — ۱۸

(۳) زہرہ کی کیفیت = عہدہ مغنیہ و رقاصہ ہے۔ فلک سوم سے منسوب ہے۔ جمعہ کے دن کا حاکم ہے۔ زہرہ کو ایک سال میں ۲۷ دن کے لیے شرف آتا ہے۔ برج حوت کے ۲۸ درجہ پر زیادہ قوی ہوتا ہے۔ جنس مؤنث ہے۔ مزاج بلغمی سرد تر ہے۔ سعد اصغر ہے۔ برج ثور و میزان کا مالک ہے۔ یہ سعد ستاروں کا بادشاہ ہے۔ اس کے دور کی مدت ۲۰ سال ہے بلحاظ پیدائش کے۔ ۲۰ - ۲۵ - ۲۶ - ۴۰ - ۴۸ سال میں خاص اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن کامل شہرہ ۲۵ سال کی عمر میں ہوتا ہے۔ اس سیارہ والا نازک مزاج۔ نازک اندام۔ پاکیزہ خیالات اور شریفانہ طبیعت کا مالک ہوتا ہے۔ روحانی طبع اور والہانہ محبت کرنے والا۔ عشق و محبت کے جذبات کا مظہر۔ اور جنسی تعلقات کا دلدادہ ہوتا ہے

۳۵

جھگڑوں سے اجتناب کرے۔ خلیق۔ ملنسار۔ خوش خوراک۔ خوش لباس اور عیش و عشرت میں زندگی بسر کرے۔ راگ رنگ کا شوقین۔ عورت سے خاص لگاؤ۔ اس کے دور اکبر میں اقبال بلند۔ عوام میں مقبول۔ مال و دولت کی فراوانی۔ خیالات کی بلندی۔ اخراجات وسیع۔ رشتہ داروں۔ اور دوستوں سے مفاد۔ عورت کی جانب سے اطمینان و سکون۔ سیر و تفریح کا شائق۔ راج دربار میں عزت۔ صاحب جائیداد۔ باغ۔ باغیچہ لگائے۔ اگرچہ ضعیف و کمزور ہو تو انتہائی نفس پرست۔ خود غرض۔ بدکار۔ فاحشہ عورت سے جنسی تعلقات استوار رکھے۔ عشق و محبت کا پجاری۔ ہر پہلو سے نا معقول ہو۔ جمعہ۔ ہفتہ کا دن مبارک ہو۔ زحل سیارے والے دوست اور عطارد والے دشمن ہوں۔ جمعہ کے دن پیدا ہونے والا شخص عالم دین۔ دولتمند۔ شجاع۔ دلاور۔ محفوظ۔ لواحقین اور ملازمین کی پرورش اور عزت کرے۔ اکثر مرض۔ بلغمی بادی ہو۔ یہ عشق و محبت کا سیارہ ہے۔ اس کا تعلق راگ رنگ ناچ گانے۔ مطربان گویاں اور قوالوں سے ہے۔ اس کی ساعت میں حب و تسخیر زناں کے تعویزات لکھے جاتے ہیں۔ صاحب سیارہ کی عمر کے ہر ۲۰ سال فتح و کامیابی اور ترقی و نصرت کے خاص اثرات ظہور میں آتے ہیں۔

زہرہ کو برج حوت کے ۲۷ درجہ پر شرف۔ سنبلہ کے ۲۷ درجہ پر ہبوط۔ جوزا کے ۲۲ میں اوج۔ قوس کے ۲۲ درجہ میں حضیض۔ اسد میں فرح۔ دلو میں ترح۔ میزان کے ۱۹ درجہ میں ترفع۔ حمل کے ۱۹ درجہ میں وبال۔ ثور میں مروح۔ اور عقرب میں زوال ہے۔ بروج نجوم ص ۱۰۶–۱۰۷

(۴) فلک شمس کا بیان = منجمان ہند اس کو سورج کہتے ہیں۔ یہ زہرہ کے فلک سے اوپر ہے۔ آفتاب اپنی حرکت کو ۳۶۵ دن ۱۵ گھڑی ۳۱ پل ۳۰ بپل میں اپنا دورہ تمام کرتا ہے۔ اس کو رجعت نہیں ہوتی۔ یہ اپنے محور پر ہر روز سیدھی رفتار سے چکر لگاتا ہے۔ اہل نجوم اس کو بادشاہ سیارگان کہتے ہیں۔ کیونکہ دیگر تمام سیارگان اس سے روشن و منور ہوتے ہیں۔ پس جو سیارہ اس سے قران کرتا ہے وہ مغروب ہو جاتا ہے۔ اور جس وقت اس سے رفتہ رفتہ دوری اختیار کرتا ہے۔ اسی طرح روشن ہوتا شروع ہو جاتا ہے۔

(۱) (خواص شمس) = یہ قدرت حقیقی کا بڑا زبردست طلسم ہے۔ جس پر دنیا کے تمام کاروبار کا مدار ہے

اس سے دن ماہ و سال کی ابتداء و انتہا ہے۔ ہر روز مشرق سے طلوع ہو کر مغرب میں ہماری نظروں
سے چھپ جاتا ہے۔ جس کو دیکھ کر ہم کہتے ہیں۔ کہ آفتاب غروب ہو گیا۔ مگر نہیں اس کا رُخ ہماری طرف سے
دوسری طرف ہو کر زمین کے دوسرے حصہ کو اپنی روشنی سے منور کرتا ہے۔ اور وقت معین پر اسی طرح پھر مشرق سے
نمودار ہو جاتا ہے۔ اس کی رفتار سے ہر ایک شہر کے وقت میں فرق ہوتا ہے۔ اس کی خاصیتیں احاطہ تحریر سے
باہر ہیں۔ عالم علوی و سفلی میں اس کی تاثیرات بدرجہ کمال ہیں۔ تمام سیارے اس سے روشن ہوتے ہیں۔ اور جو
سیارے دوران گردش اس کے نزدیک آ جاتے ہیں۔ وہ اس کی روشنی میں دب کر غروب ہو جاتے ہیں۔ اور
بتدریج آہستہ آہستہ علیحدہ ہونے پر پھر ان کا جرم اس سے روشن ہوتا جاتا ہے۔ آفتاب کی حرارت سے
نظام کائنات وابستہ ہے۔ ہر چیز کا نشو و نما اس کی طاقت سے ہوتا ہے۔ تمام معدنیات اس کی حرارت
سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور جس جگہ حرارت آفتاب نہیں پہنچتی اس جگہ کوئی نباتات پیدا نہیں ہوتی۔ دیکھو
بڑے بڑے درختوں کے سائے میں۔ جہاں شعاع آفتاب نہیں پہنچتی وہاں اگر کوئی چیز بوئی جائے تو ہرگز
نہیں اگتی۔ تجربہ کے لیے دیکھو۔ گل نیلوفر اور سورج مکھی کو کہ آفتاب جب طلوع ہوتا ہے۔ تو اس کی کیسی
طاقت بڑھتی ہے۔ اور دوپہر کے وقت اس کی قوت کمال ہوتی ہے۔ سورج مکھی کا پھول آفتاب کی شعاع
میں پوری طرح شگفتہ ہو جاتا ہے۔ اور آفتاب کے ساتھ ہی اس کا رُخ چکر لگاتا جاتا ہے۔ اور جب آفتاب
دوپہر کے بعد زوال میں ہونا شروع ہو جاتا ہے تو اس کی طاقت میں کمی ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ اور جب
آفتاب غروب ہو جاتا ہے۔ تو یہ پھر مرجھا جاتا ہے۔ اور پھر جب دوسرے دن آفتاب طلوع ہوتا ہے تو پھر کھل اٹھتا
ہے۔۔۔۔۔ حیوانات پر اس کی تاثیرات کا بڑا بھاری اثر ہے۔ طلوع آفتاب میں حیوانات کے بدن میں قوت اور
بیداری پیدا ہو جاتی ہے۔ اور غروب ہونے پر زائل ہو جاتی ہے۔ حرارت آفتاب سے رطوبتی امراض ختم ہو جاتے ہیں
علاج شمسی میں بوتلوں میں پانی بھر کر زیر شعاع آفتاب رکھ دیتے ہیں۔ جس کے استعمال سے بلغمی اور رطوبتی
امراض رفع ہو جاتے ہیں۔ غرضیکہ اس قدرتی طلسم آفتاب میں ایسی روحانی قوتیں موجود ہیں۔ جن سے کائنات
میں نظام حیات قائم ہے۔ اور اس کی قوت حرارت تمام مخلوقات انسان و حیوان و نباتات و جمادات اثر انداز ہوتی ہے
جس سے نشو و نما ہو کر پرورش پاتے ہیں۔

(۲) منسوبات شمس۔ فلک چہارم اس کا مسکن ہے۔ منجمان اس کو بادشاہ سیارگان کہتے ہیں۔ مزاج اس کا

گرم خشک ہے۔ اور رنگ اس کا نارنجی ہے۔ جو ہر کام میں مخلوقات کو پرجوش اور چاق و چوبند رکھتا ہے بادشاہوں اور صاحب حکومت لوگوں اور پہلوانوں سے اس کا خاص تعلق ہوتا ہے۔ اور نسبت ہے۔ اس کو جواہرات یاقوت۔ لعل و زمرد و الماس اور بیشتر بہ رنگ زرد اور حیوانات شیر و گھوڑا۔ اونٹ وغیرہ۔ اور مرض تپ صفراوی سے متعلق اس کا حصہ صافیل اور بخور لوبان۔ عود۔ صندل۔ زعفران ہے۔ اسرار الطلسمات ص ۱۸ - ۲۰

۳۔ کیفیت شمس = عہدہ بادشاہ ہے۔ فلک چہارم سے منسوب ہے۔ اتوار کے دن کا حاکم ہے۔ شمس کو ایک سال میں ۳۰ روز کیلئے مشرف آتا ہے۔ برج حمل کے ۱۹ درجہ پر زیادہ قوی ہوتا ہے۔ شمس و قمر۔ تثلیث اور تسدیس نظرات سے سعد ہیں۔ مقارنہ۔ تربیع۔ اور مقابلہ سے نحس ہیں۔ جنس مذکر ہے۔ مزاج صفراوی گرم خشک ہے۔ اور نحس اصغر ہے۔ شمس برج اسد کا مالک ہے۔ اس کے دور کی مدت چھ سال ہے بلحاظ پیدائش مولود عمر کے ۶ - ۱۲ - ۲۲ - ۲۴ - ۵۰ سال میں خاص اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن خاص ثمرہ ۲۲ سال میں ہوتا ہے۔ اس سیارہ والے کی جسمانی حالت مضبوط۔ شہرت پسند۔ باعزت عقلمند۔ مدبر روپیہ تحکمانہ۔ صحبت امراء۔ حکام کو پسند کرے۔ احتیاط سے کام کرنے کی اہلیت و قابلیت ہوتی ہے ہر کام میں کامیاب ہو۔ روشنی کو پسند کرتا ہے۔ اس کے دور اکبر میں مال و زر ہاتھ آتا ہے۔ اعزہ و اقرباء اور بھائیوں کی طرف سے سکھ اور چین نصیب ہوتا ہے۔ دشمن مغلوب ہوتا ہے ہر پہلو سے زندگی پر سکون اور اطمینان بخش ہوتی ہے۔

شمس چونکہ اتوار کے دن کا حاکم ہے۔ اس لئے جو شخص اتوار کے دن پیدا ہو وہ شیر بن اکسیاد کو پسند کرے غصہ ور ہو لیکن پختہ ذہن کا مالک ہو۔ جنسی خواہشات زیادہ ہوں۔ مختلف ذرائع سے دولت حاصل ہو۔ اس سیارہ کا تعلق بادشاہوں۔ وزیروں۔ اور امیروں سے ہو۔ پیر منگل۔ جمعرات اور اتوار ہر نیک کام کے لئے مبارک ہے۔ مریخ قمر اور مشتری سیارے والے اس کے دوست اور زحل والے دشمن ہیں۔ اس کی ساعت میں کشائش رزق اور بیماری سے شفا سحر و جادو سے حفاظت۔ فتوح دنیوی۔ تلاش معاش۔ ترقی مدارج۔ اور خوشنودی شاہاں۔ امراء و اکابر کے لئے تعویز لکھے جاتے ہیں۔ اعمال و اوراد پڑھے جاتے ہیں۔ صاحب سیارہ کی عمر کے لحاظ سے ہر چھٹے سال میں ثمرات و کامرانی فتح و نصرت کے خاص اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ شمس کو برج اسد میں اوج۔ اور ترفع ہے۔ برج حمل کے درجہ ۱۹ میں شرف اور میزان کے درجہ ۱۹ میں ہبوط ہے برج سرطان کے درجہ ۲۰ میں بلوغ۔ اور جدی

میں زوال ہے۔ برج قوس میں فرح۔ اسد برج جوزا میں ترح۔ برج دلو میں حضیض اسد وبال ہے۔

نجوم و بروج ۹۵ - ۹۷

۵ - فلک مریخ کا بیان - اہل ہند اس کو منگل کہتے ہیں۔ یہ فلک آفتاب سے اوپر ہے۔ یہ بھی ایک سال میں اپنا دورہ مکمل کرتا ہے۔ اور رجعت و استقامت میں رہتا ہے۔ جیسا آفتاب سے ۱۷ درجہ کے فاصلہ پر ہوتا ہے۔ تو مکمل غروب ہو جاتا ہے۔ اور مغرب میں غروب ہونے کے بعد پھر ۱۲۰ یوم کے اندر مشرق میں نمودار ہوتا ہے۔ اور پھر طلوع ہونے کے بعد تخمیناً دس ماہ یعنی ۳۰۰ یوم کے اندر رجعت میں ہو جاتا ہے۔ اور بعد رجعت کے دو ماہ کے اندر مستقیم ہوتا ہے۔ اور پھر مستقیم ہونے کے بعد دس ماہ کے اندر مغرب میں طلوع ہوتا ہے۔ یہ سیارہ بھی بغیر کسی آلہ کے وقت طلوع ہر روز آسمان پر چکر لگاتا ہوا نظر آتا ہے۔

(۱) خواص مریخ = منجم اس کو جلاد فلک کہتے ہیں۔ اور یہ نحس اصغر ہے۔ اس کی تاثیر نباتات و حیوانات جمادات پر رنگ سرخ پر بہت پڑتی ہے۔ اور انسانوں کی طبیعت میں رنج و غصہ اور حیوانات میں تیزی و تندی اور حشرات الارض سانپ وغیرہ کے زہر کو بڑھاتا ہے۔ دنیا میں جنگ و جدل خونریزی اور ہلاکت و فتنہ و فساد اس کی تاثیر سے پیدا ہوتے ہیں۔

(۲) منسوبات مریخ = اس سیارے کا جائے مسکن فلک پنجم ہے۔ منجم اس کو جلاد فلک اور ظالم و فاجر فاسق کہتے ہیں۔ مزاج اس کا گرم و خشک اور رنگ اس کا سرخ مثل خون ہے۔ اس کی طبیعت نہایت تیز و تند ہے نسبت رکھتا ہے۔ فوجی افسران۔ دزدان۔ رہزنان۔ جلادوں اور قصابوں اور سنگ دلوں سے اور ایسے لوگوں سے متعلق ہے جو دروغگوئی اور دغا فریب کے عادی ہیں۔ قاتل افراد اور حیوانات میں شیر اور بھیڑیا۔ اور جواہرات میں عقیق و سنگ سرخ اور فولاد و مس اور اشیاء سرخ رنگ سے نسبت رکھتا ہے۔ موکل اس کا کلکائیل ہے اور بخور مریخ سرخ افیون اور لونگ گوگل ہے۔

(۳) کیفیت مریخ = عہدہ سپہ سالار ہے۔ منگل کے دن کا حاکم ہے۔ مریخ کو ڈیڑھ سال میں پانچ دن کے لئے شرف آتا ہے۔ برج جدی کے درجہ ۲۸ میں زیادہ قوی ہوتا ہے۔ جنس مذکر ہے۔ مزاج صفراوی گرم خشک ہے۔ اور نحس اصغر ہے۔ مریخ برج حمل و عقرب کا مالک ہے۔ یہ نحس سیاروں کا بادشاہ ہے۔

اس کے دور کی مدت سات سال ہے۔ بلحاظ پیدائش عمر کے ۷ - ۱۴ - ۲۱ - ۲۸ - ۴۲ سال میں خاص اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن کامل ثمرہ ۲۱ سال کی عمر میں ہوتا ہے۔ اس سیارے والا زندگی کے ہر مرحلہ میں کامیاب اور دوسروں کا لیڈر ہوتا ہے۔ اس میں فوجی صلاحیت۔ سپاہیانہ فن۔ بہادری اور دلیری ہوتی ہے۔ امیر کبیر۔ اعلیٰ درجہ کا زمیندار اور کارخانہ دار ہوتا ہے۔ حکومت کی اہلیت و قابلیت ہوتی ہے۔ بارعب مقابلہ اور اور جنگ و جدل میں سمت اپنی ضد اور دھن کا پکا۔ کسی کی نکتہ چینی پسند نہیں کرتا۔ منافق اور بد عہد نہیں ہوتا۔ احباب و اقرباء کے کاموں میں کوشش کرنے والا اور غریبوں کا ہمدرد ہوتا ہے۔ منگل کے دن کی پیدائش والا ہر دلعزیز دولتمند اور سنگدل ہوتا ہے۔ منگل بدھ اور جمعہ مبارک ہیں شمس و قمر مشتری والے اس کے دوست عطارد اور زحل والے دشمن ہوں۔ اس کی ساعت میں جدائی طلاق زبان بندی اور ہلاکت کے تعویزات لکھے جاتے ہیں۔ اور اعمال کیے جاتے ہیں۔ صاحب سیارہ کی عمر کے لحاظ سے ہر ساتویں سال ترقی و کامیابی اور فتح و نصرت کے خاص اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ مریخ کو برج جدی کے ۲۸ درجہ میں شرف۔ سرطان کے درجہ ۲۸ میں ہبوط۔ اسد کے درجہ ۱۹ میں اوج۔ دلو کے درجہ ۱۹ میں حضیض۔ سنبلہ میں فرح حوت میں ترح۔ حمل میں ترفع۔ میزان میں وبال۔ عقرب میں عروج۔ اور ثور میں زوال ہے۔

نجوم و بروج صفحہ ۱۰۰ - ۱۰۱

(۴) - فلک مشتری کا بیان = منجمان ہند اس کو جیمرات کہتے ہیں۔ فلک مریخ سے اوپر اس کا فلک ہے۔ اور ۱۳ سال میں اپنا تمام دورہ کرتا ہے۔ اور رجعت و استقامت بھی اختیار کرتا ہے جب سورج سے ۱۲ درجہ کے فاصلہ پر ہوتا ہے۔ تو تحت الشعاع میں غروب ہو جاتا ہے۔ مگر جب مغرب میں غروب ہوتا ہے۔ تو پھر یوم غروب سے ۳۰ یوم کے اندر مشرق میں طلوع ہوتا ہے۔ اور طلوع ہونے کے بعد ۲۸ یوم کے اندر رجعت میں ہو جاتا ہے۔ اور یوم رجعت سے ۱۲۰ یوم کے اندر مستقیم ہو جاتا ہے اور مستقیم ہونے کے یوم سے ۱۲۸ یوم کے اندر پھر مغرب میں غروب ہو جاتا ہے۔ یہ سیارہ طلوع کی حالت میں آسمان پر جس سمت کی طرف طلوع ہو۔ پہلے اسی طرف دکھلائی دیتا ہے۔

(۱) خواص مشتری = اہل نجوم اس کو قاضی فلک کہتے ہیں۔ اور یہ سعد اکبر ہے۔ اور نیکی کے کاموں پر اس کی تاثیر زیادہ پڑتی ہے۔ موجودات عالم کو بباعث اپنی سعادت کے بزرگی بخشتا ہے۔ درس و تدریس اس کی خاصیت سے

جاری ہوتے ہیں۔ اور ترقی علوم اور زیادتی عقل اس کی تاثیر سے پیدا ہوتی ہے۔ حکومت کے اعلیٰ عہدیداروں کے
مزاج میں عدل و انصاف کے جذبات کو ابھارتا ہے۔ عبادت گاہوں اور جائے متبرک کی رونق بڑھاتا ہے۔
لوگوں کو نیکی کے کاموں کی طرف لگاتا ہے۔ عاملان عملیات بوقت عمل اس کی سعادت کو مدنظر رکھتے ہیں۔
اور اہل تسخیرات واسطے جاہ و جلال اور بزرگی حاصل کرنے کے اس کی تسخیر کرتے ہیں۔ جاہل کو عاقل بنانے
اور اس میں مادہ انسانیت پیدا کرنے کے لئے اس کے عمل سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جو شخص مدام مشتری
کو آسمان پر دیکھے بزرگی ہمیشہ پائے عاقل کامیابی اور خوشحالی پاتے ہیں۔

(۲) منسوبات مشتری = فلک ششم کا مالک ہے۔ بشکل انسان سرخ رنگ مزاج گرم و تر
رنگ سفید مائل سبزی۔ اور تعلق رکھتا ہے۔ عالموں۔ عقلمندوں اور درمیان بزرگ عالی مرتبہ صاحب حکومت
سے اور جائے عبادت و ریاضت سے اور حیوانات مور اور خوش الحان جانوروں سے اور جواہرات پکھراج و
یاقوت زرد الماس و زر نقرہ قلعی سے اور بدرس و شدرس سے زیادہ نسبت رکھتا ہے۔ بخور اس کا
سمی تیل اور بخور زعفران و ناگرموتھ و صندل سرخ و سفید ہے۔ اسرار الطلسمات صفحہ ۲۲ - ۲۳

(۳) کیفیت مشتری = عہدہ قاضی و جج ہے۔ فلک ششم سے منسوب ہے۔ جمعرات کے دن کا حاکم ہے
مشتری کو بارہ سال میں ایک سال کے لئے شرف آتا ہے۔ برج سرطان کے درجہ ۱۵ پر زیادہ قوی ہوتا ہے
جنس مذکر ہے۔ مزاج دموی گرم تر ہے۔ سعد اکبر ہے۔ قوس و حوت کا مالک ہے۔ اس کے دور کی مدت ۱۲
سال ہے۔ بلحاظ پیدائش ۱۶ - ۲۶ - ۳۰ - ۳۲ اور ۸۰ سال میں خاص اثرات ظاہر ہوتے
ہیں۔ لیکن کامل ثمرہ ۳۰ سال میں ہوتا ہے۔ اتوار منگل اور جمعرات کا دن مبارک ہے۔ مریخ سیارہ والے اس
کے دوست اور قمر والے دشمن ہیں۔ جمعرات کے دن پیدا ہونے والا شخص صاحب عزت و وقار مال و دولت اعلیٰ تعلیم
صاحب علم و ریاضت۔ عاقل ماہر علم ہیں۔ صاحب سیارہ کی عمر کے لحاظ سے ہر سولہویں سال ترقی و کامیابی اور فتح و نصرت
کے اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ اس کی ساعت میں محبت روزگار فتح و نصرت اہل معاملہ اور عدلیہ سے متعلقہ تعویذات
لکھے جاتے ہیں۔ مشتری کو سرطان کے ۱۵ درجہ میں شرف جدی کے ۱۵ درجہ میں ہبوط۔ میزان کے درجہ ۴
میں اوج۔ حمل کے درجہ ۲ میں حضیض۔ دلو میں فرح۔ اسد میں ترح۔ قوس میں ترفع۔ جوزا میں وبال حوت میں
عروج۔ اور سنبلہ میں زوال ہے۔

بحوالہ نجوم و بروج صفحہ ۱۰۴ - ۱۰۵

(۷) فلک زحل کا بیان = اہل ہند اس کو سنیچر لغتہ کہتے ہیں۔ فلک مشتری سے اوپر اس کا فلک ہے۔ اس کے دور کی مدت ۳۰ سال ہے۔ اپنے محور پر گردش کرتا ہوا اپنا دور مکمل کرتا ہے جب آفتاب سے ۱۴ درجہ کے فاصلے پر آجاتا ہے۔ تو بسبب تحت الشعاع کے غروب ہو جاتا ہے۔ مگر جب مغرب میں غروب ہوتا ہے۔ تو یوم غروب سے ۳۸ یوم کے اندر پھر مشرق میں طلوع ہوتا ہے۔ اور یوم طلوع کے بعد پھر ۱۰۵ یوم کے اندر رجعت اختیار کرتا ہے۔ اور رجعت کے یوم سے پھر ۱۳۵ یوم کے اندر مستقیم ہو جاتا ہے۔ اور مستقیم ہونے کے بعد پھر ۱۰۵ یوم کے اندر آفتاب سے قریب ہو جانے کی وجہ سے مغرب میں غروب ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ سیارہ بغیر آلات رسدی کے بسبب دور ہونے زمین سے آسمان پر نظر نہیں آتا۔ مگر عموماً اندھیری رات میں ہلکی سی روشنی دکھائی دیتی ہے۔ لیکن یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ زحل ہی ہے

(۱) خواص زحل = منجم اس کو پاسبان فلک کہتے ہیں۔ اور نحوست اس کی مریخ سے بھی زیادہ ہے۔ اس لئے اس کو نحس اکبر کہتے ہیں۔ اس کی منحوس تاثیر سے آبادیاں ویران ہو جاتی ہیں۔ مخلوقات کی حالت بدل جاتی ہے حشرات الارض زیادہ پیدا ہوتے ہیں۔ اس کی تاثیر سے مادہ لوہا ہو جاتا ہے۔ پہاڑ اور کوہستان بڑھتے ہیں۔ زمین کے اندر سیاہ رنگ کی چیزیں زیادہ نشوونما پاتی ہیں۔ فسق و فجور اور زناکاری اور فعل بد اس کی منحوس تاثیر سے زیادہ پیدا ہوتے ہیں۔ اگر طالع ولادت میں ہو تو مولود کا رنگ سیاہ اور اس کو کم عقل اور زانی بناتا ہے۔ اور اس کی طبیعت میں مکر و فریب اور جعل سازی کے جذبات پیدا کرتا ہے۔ اور اس کی سعادت سے سیاہ رنگ کی چیزیں زیادہ ترقی پکڑتی ہیں۔ اور نحوست سے ہر ایک جگہ رنج والم غم واندوہ اور تنگی معاش اور کاروبار بستہ ہوتے ہیں۔

(۲) منسوبات زحل = فلک ہفتم کا مالک ہے۔ قد دراز رنگ سیاہ فام کم عقل جلد باز مزاج نہایت سرد وخشک ہے اور نسبت رکھتا ہے۔ ایسے لوگوں سے جو مرض رنج والم میں گھرے ہوئے۔ اور لاعلاج بیماریوں میں مبتلا ہوں۔ اور این مصیبت میں مبتلا ہوں۔ اس کی تاثیر سے ایسے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ جن میں جنون۔ کم عقلی۔ اور دیوانگی کی کیفیات زیادہ ہوتی ہیں۔ اور نسبت رکھتا ہے۔ حیوانات میں سانپ۔ چیونٹی۔ ٹڈی۔ اور چوہا وغیرہ۔ ویران مقامات جنگل پہاڑ اور قبرستان وغیرہ سے۔ اور جواہرات میں نیلم اور سنگ سیاہ سے شکل اس کا روبائیل بجوز دانہ سیاہ۔ وبال اور گونگی ہے۔


اسرار الطلسمات صفحہ ۲۴ - ۲۵

(۳) کیفیت زحل ـ عہدہ خازن کا ہے۔ فلک ہفتم سے منسوب ہے۔ اور ہفتہ کے دن کا حاکم ہے۔ زحل کو
۲۷ سال میں ڈھائی سال کے لیئے شرف آتا ہے۔ برج میزان کے ۲۱ درجہ پر زیادہ قوی ہوتا ہے۔ اس کے شرف
میں سرمۂ چشم اور حب و شنجرف کے تعویزات لکھے جاتے ہیں۔ جنس مذکر ہے۔ مزاج سوداوی سرد خشک
ہے۔ اور نحس اکبر ہے۔ برج جدی و دلو کا مالک ہے۔ اس کے دور کی مدت ۱۹ سال ہے۔ بلحاظ پیدائش عمر کے
۱۹ ـ ۲۶ ـ ۳۸ ـ اور ۵۰ سال میں خاص اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن کامل ثمرہ ۳۶ سال کی عمر میں ہوتا ہے۔ اس
سیارہ والا بہت جلد ترقی و مرتبہ حاصل کرتا ہے۔ سیارہ زہرہ و عطارد والے دوست۔ شمس و قمر اور مریخ
والے دشمن ہوں۔ ہفتہ کے دن کی پیدائش والا بد مذہب لوگوں سے تعلق رکھے۔ فربہ بدن۔ احسان فراموش۔
کسی کا احسان نہ مانے۔ خود پسند۔ چغلخور اپنے بھائی بندوں کو اذیت پہنچائے۔ صفراوی بلغم سے بیماری
لاحق ہو۔ سخت محنت کرے۔ اس کی ساعت میں بغض و عداوت جدائی۔ زبان بندی اور ہلاکت کے تعویزات
لکھے جاتے ہیں۔ اور اعمال پڑھے جاتے ہیں۔ صاحب سیارہ کی عمر کے ہر ۱۹ سال ترقی و کامیابی اور فتح و لفرت کے
خاص اثرات ظہور میں آتے ہیں۔ زحل کو میزان کے درجہ ۲۱ میں شرف۔ حمل کے درجہ ۲۱ میں ھبوط۔ قوس
کے درجہ ۱۲ میں اوج۔ جوزا کے درجہ ۱۲ میں حضیض۔ حوت میں فرح۔ سنبلہ میں ترح۔ دلو میں ترفع اسد
میں وبال جدی میں عروج اور سرطان میں زوال ہے۔ نجوم و بروج ص ۱۰۷ ـ ۱۰۹

(۸) فلک ثوابت کا بیان ہے۔

یہ فلک زحل کے فلک سے اوپر واقع ہے۔ اس فلک کے عجائبات احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ اس میں بے شمار ستارے
مثل قنادیل کے روشن ہیں۔ یہ فلک اپنے مرکز پر نہایت دھیمی رفتار سے چلتا ہے۔ اس کی گردش کے بارے میں مختلف
اقوال ملتے ہیں۔ بقول بعض چھتیس ہزار سال اور بعض کے قول پر ۲۱ ہزار چھ سو سال میں اپنا دورہ تمام کرتا
ہے۔ جس کی نسبت منجموں کا قول ہے۔ کہ جب اس کا دورہ ختم ہوتا ہے۔ تو دنیا کی شکل اور اس کی تمام حالتوں
اور موجودات عالم میں تغیر اعظم واقع ہو جاتا ہے۔ آبادیاں ویران۔ اور جنگل بیابان آباد ہو جاتے ہیں۔ موسم گرما سرد
سرما گرم ہو جاتا ہے۔ شمال و جنوب اور جنوب شمال بن جاتا ہے غرضیکہ دنیا ایک نئی صورت میں بدل جاتی ہے۔
حکماء نے بعد کامل تحقیقات کے اس فلک کو ۳۶۰ درجہ پر قرار دے کر اس کو ۱۲ حصوں میں تقسیم کر کے
ہر ایک حصہ میں اجتماع سیارگان سے اس کی شکل و مشابہت قائم کی ہے۔ اور ان کی صورت سے ان کے نام بھی مقرر

کئے ہیں۔ جن کو برج کہتے ہیں۔ ہر ایک برج کے ۳۰۔ ۳۰ درجہ ہیں۔ اور ہفت سیارگان اپنے فلک پر سیر کرتے ہوئے ہر ایک برج میں آجاتے ہیں۔ کیونکہ فلک البروج فلک کواکب سے بالاتر ہے۔ اس لیئے ایسی حالت کو منجم اس طرح بیان کرتے ہیں۔ کہ فلاں سیارہ فلاں برج میں داخل ہوگیا۔ دیکھو سیر کواکب زیر ین فلک البروج کو۔



پس فلک الثوابت کے نیچے ہفت کواکب اپنے اپنے فلک میں سیر کرتے ہوئے ہر ایک برج میں داخل اور خارج ہوتے رہتے ہیں۔ ہر ایک برج کے ۳۰۔ ۳۰ درجہ کو اپنے مقررہ اوقات میں قطع کرتے ہیں۔ اور ہر برج میں اپنی خاصیت جدا رکھتے ہیں۔ جن کی

تاثیر موجودات عالم پر پڑتی ہے۔ تمام بارہ بروج کے ۳۶۰ درجہ ہیں۔ جس طرح ہر ایک برج کی شکل مختلف ہے۔ اس طرح ہر ایک درجہ کی صورت بھی علیحدہ علیحدہ ہے۔ ہر ایک کوکب برج اور درجات بروج میں عجیب و غریب تاثیر اور عجائبات ظاہر کرتا ہے۔ ہر درجہ کا طلسم موجود ہے۔ تو دیکھیں اردو کی کتاب اسرار الطلسمات از عامل پنڈت گرد ھاری لعل صفحہ ۲۷

اسمِ اعظم مجرب

مختلف مسائل اور حاجات کے حل کے لیے اسم اعظم کا ورد کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ اسم اعظم کے بارے میں کئی طریقے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں۔ (۱) اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد نکالیں اور ان اعداد کے برابر کوئی اسم الٰہی لے کر اسی تعداد کے برابر ورد کریں۔ (۲)۔ جو مقصد ہو اس کے حروف کے مطابق اللہ کا نام تلاش کریں اور اس کا ورد کریں۔ مثلاً دیکھیں مقصد قرضہ ہے۔ اس کے حروف الگ الگ لکھیں (ق۔ ر۔ ض۔ ہ) اب وہ اسمائے الٰہی جو مقصد کے حروف سے شروع ہوتے ہیں۔ ان کا استخراج کرلیں۔ اور ورد کریں۔ (۳)۔ نام اور والدہ کا نام کا استخراج کریں۔ جو مقصد ہے۔ اس کو ذہن میں رکھیں۔ اور اب ایسا اسم الٰہی لیں۔ جس کے اعداد مطلوب کے اعداد کے برابر ہوں۔ مثلاً کسی فرد جس کے نام بمعہ والدہ کے اعداد ۳۰۸ ہیں اس کو رزق تنگی کا مسئلہ ہے۔ تو دیکھیں کون سا اسم الٰہی وسعت رزق کی علامت ہے۔ اور ان اعداد کے برابر اعداد کا مالک ہے۔ ایسا نام یا رزاق ہے۔ خیال رکھیں ایک نام کے اعداد مطلوب کے اعداد کے برابر نہ ہوں تو دو یا زیادہ اسم الٰہی کے اعداد جمع کرکے برابر کرلیں۔ اور دونوں یا تینوں کا ورد کریں۔ ان شاء اللہ حصول مقصد ہوگا۔ (راہنمائے عملیات ص ۱۱۴ از خالد اسحاق)

(ذاتی اسم اعظم)

اپنے نام کا اسم اعظم۔ اس کے فائدے بے شمار بے حد و لاتعداد ہیں۔ کاروبار میں ترقی۔ دشمنوں سے نجات۔ تسخیر خلق۔ اور دیگر کئی اس کے فائدے ہیں۔ اپنے نام کے اعداد قمری نکال کر ان کو ضرب فی نفسہٖ یعنی جو اعداد کا مجموعہ حاصل ہوا۔ اسے اتنے ہی اعداد سے ضرب دیں مثلاً محمد عباس کے اعداد قمری ۲۲۵ ہیں ان اعداد کو ۲۲۵ سے ضرب دیا تو کل مجموعہ = ۵۰۶۲۵ ہے اس مجموعے کو ۲۱ یا ۴۱ پر تقسیم کردیں۔ اگر ۴۱ پر تقسیم کیا تو باقی بچا۔ ۱۲۳۴ اب ۴۰ دن ۱۲۳۴ مرتبہ اسم کا ورد کریں۔ جب ۴۱ ویں رات کو وظیفہ کرنے لگیں تو ۱۲۶۵

ہر شب وظیفہ کریں اس طرح کرنے سے ۵۰۶۲۵ کی تعداد پوری ہو جائے گی۔ اب اپنے نام کے اسم اعظم کے عامل ہو جائیں گے۔ اب تا حیات ۲۲۵ دفعہ اسم اعظم کا ورد کریں۔ پھر دیکھیں کہ آپ کی قسمت کے ستاروں کو عروج کتنا حاصل ہوتا ہے۔ اس میں پرہیز کچھ زیادہ نہیں ہے صرف کچا پیاز اور بڑا گوشت نہ کھائیں۔ اور اگر یہ وظیفہ اپنے نام کے اسم اعظم کا اگر بے غیر عمل ریاضت کے کریں تو حقیقتاً بات ہے کہ اس کے مؤکل آپ سے بہت جلد مانوس ہوں گے۔ اور آپ نے دوران وظیفہ آپ نے حاضری مؤکل کی نیت سے پڑھائی نہیں کرنی۔ صرف آپ نے جو ضرب دے کر تعداد کا مجموعہ بنایا ہے۔ آپ نے بس وہ تعداد پوری کرنی ہے۔ یہ آپ کے اسم اعظم کی زکوٰۃ ہے۔

دوران زکوٰۃ اول و آخر ۱۰۰ ہر شب کوئی بھی درود شریف پڑھیں۔ روزانہ وقت ایک ہی رکھنا ہے۔ اکیلے بیٹھ کر نیچے سفید کپڑا بچھا کر پڑھائی کریں۔ تو آپ کو اس کا لطف ملے گا جب آپ زکوٰۃ نکال دیں تو بعد میں حسب توفیق مٹھائی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اپنے نام کے اعداد کے مطابق آپ پڑھائی کرتے رہیں۔ روزانہ جو بھی وقت ملے آپ پڑھ لیا کریں۔

راہنمائے عملیات نومبر ۲۰۱۱ ص ۳۸

اسم اعظم با مؤکل۔ مثلاً احمد نام کے شخص کا اسم اعظم با مؤکل نکالنا ہے تو احمد کو بسط کریں۔ ا۔ ح۔ م۔ د۔ اب ان حروف کو ملفوظی کریں۔ ا۔ ل۔ ف۔ ح۔ ا۔ م۔ ی م۔ د۔ ا ل۔ ان کے اعداد ابجد قمری سے بنائیں = 1+30+80+8+1+40+10+40+4+1 + 30 = 245 کو 28 پر تقسیم کریں۔ کیونکہ قمر کی 28 منازل ہیں۔ تقسیم کے بعد ۲۱ بچتا ہے۔ اب شروع حروف ابجد سے ۲۱ حروف (ش) ہے۔ اس حرف کو ملفوظی کریں۔ ش = ش ی۔ ن 30 + 10 + 50 میزان 36 اور اب 36 کو 28 پر تقسیم کیا تو وہ نکلا خ اس کو ملفوظی کیا تو خ + ا = 601 ہے اس 601 کو 28 پر تقسیم کیا تو وہ (م) ملا اب اس طریق سے 3 حروف حاصل ہو جائیں گے۔ ان کو لکھ لیں = ش۔ خ۔ م۔ اب ان حروف کا مجموعہ اعداد بنالیں۔ 300 + 600 + 40 = 940 میں سے 41 تفریق کریں۔ تو (899) بچا۔ اب ان کے حروف بنالیں ظ۔ ص۔ ض۔ آگے ائیل لگائیں۔ تو جفری طریق سے احمد کا

مؤکل بنا طصفائیل احمد کے حروف کو ملفوظی کر کے اعداد نکالیں تو وہ بنے 245 اب ان
کے برابر اسمائے اعظم تلاش کیئے تو وہ ملے یا دائم یا منعم مجموعہ 245 اب اس کا طریقہ عمل میں عزیمت
بنانی پڑے گی۔ جس کا طریقہ یہ ہے۔ پہلے حروف عزیمت لکھیں جو کہ ہیں۔
عزمت علیکم واقسمت علیکم پھر بعد میں جو موکل نکالا تھا وہ لکھیں طصفائیل بعد میں
جو اسمائے اعظم احمد کے نام کو ملفوظی کر کے نکالے تھے وہ لکھیں اور آخر میں یہ الفاظ کا اضافہ
کر دیں۔ العجل الساعۃ الوحا عزیمت یہ بنی۔
عزمت علیکم واقسمت علیکم یا طصفائیل بحق یا دائم یا منعم العجل العجل العجل الساعۃ
الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

طریقہ عمل۔ اب احمد 41 شب تک یہ عزیمت 940+245 = 1185 بار ورد کرے۔
اور مقصد کی دعا کرے۔ تو غیر مری طور پر مؤکلات بحکم ربانی سائل کا کام اس طرح اعانت کریں گے
کہ عقل دنگ رہ جائے۔ (شرائط عمل) کسی سے اظہار نہ کرے۔ باوضو رہیں۔
بدبو دار کوئی چیز نہ کھائیں یہاں تک کہ سگریٹ بھی استعمال نہ کریں۔ مکمل پرہیز جلالی رکھیں۔
با حصار عمل کریں۔ اول و آخر 11+11 بار درود شریف ضرور پڑھیں۔
راہنمائے عملیات جنوری ۲۰۱۳ ص ۱۵

نمبر شمار	اسم اعظم	حروف اعداد	معنی	لفظ اعداد	خاصیت	عناصر	ستارہ	برج
۱	اللہ	۶۶	اسم اعظم ذات		آتشی	جلالی	زحل	حمل
۲	الرحمن	۲۹۸	رحمت کرنیوالا		جمالی	خاکی	عطارد	سنبلہ
۳	الرحیم	۲۵۸	رحم "		"	"	"	"
۴	الملک	۹۰	بادشاہت والا		مشترک	"	"	اسد
۵	القدوس	170	منزہ پاک		جمالی	آبی	زہرہ	حوت
۶	السلام	۱۳۱	سلامتی والا		"	بادی	زحل	قوس
۷	المؤمن	۱۳۶	امن دینے والا		"	"	عطارد	اسد
۸	المہیمن	۱۴۵	نگہبانی کرنے والا		"	آتشی	"	"
۹	العزیز	۹۴	غلبے والا		"	"	مشتری	سنبلہ
۱۰	الجبار	۲۰۶	جبروت والا		جلالی	"	مریخ	سرطان
۱۱	المتکبر	۶۶۲	بڑائی والا		"	"	عطارد	اسد
۱۲	الوتر	۶۰۶	پیدا کرنے والا				مریخ	جدی
۱۳	الخالق	۷۳۱	وجود پیدا کرنے والا		"	خاکی	"	"
۱۴	الباری	۲۱۳ "	"		مشترک	آتشی	مشتری	جوزا
۱۵	المصور	۳۳۶	صورت بنانے والا		جمالی	"	عطارد	اسد
۱۶	الغفار	۱۲۸۱	بخشنے والا		"	"	قمر	حوت
۱۷	القہار	۳۰۶	قہر کرنے والا		جلالی	"	زہرہ	حوت
۱۸	الوہاب	۱۴	بہت دینے والا		جمالی	"		
۱۹	الرزاق	۳۰۸	رزق دینیوالا		"	"	عطارد	سنبلہ
۲۰	الفتاح	۲۸۹	کھولنے والا		جلالی	"	مریخ	اسد
۲۱	العلیم	۱۵۰	جاننے والا		جمالی	خاکی	مشتری	سنبلہ

نمبر شمار	اسم اعظم	معنی حروف اعداد	لفظ اعداد	خاصیت	عناصر	ستارہ	برج
۲۲	القابض	۹۰۳ قبض کرنیوالا		جلالی	بادی	زہرہ	حوت
۲۳	الباسط	۷۲ کشادہ کرنیوالا		جمالی	〃		
۲۴	الخافض	۱۴۸۱ پست کرنیوالا		جلالی	آتشی	مریخ	جدی
۲۵	الرافع	۳۵۱ درجہ دینیوالا		جمالی	بادی	عطارد	سنبلہ
۲۶	المعز	۱۱۷ عزت والا		〃	خاکی	〃	اسد
۲۷	المذل	۷۷۰ ذلت دینیوالا		جلالی	آتشی	〃	〃
۲۸	السمیع	۱۸۰ سننے والا		جمالی	〃	زحل	قوس
۲۹	البصیر	۳۰۲ دیکھنے والا		〃	خاکی	مشتری	جوزا
۳۰	الحکم	۶۸ حکم کرنیوالا		〃	〃	زحل	جدی
۳۱	العدل	۱۰۴ انصاف کرنیوالا		مشترک	آتشی	مشتری	سنبلہ
۳۲	اللطیف	۱۲۹ نرمی کرنیوالا		جمالی	〃	زہرہ	ثور
۳۳	الخبیر	۸۱۲ خبر رکھنے والا		〃	〃	مریخ	جدی
۳۴	الحکیم	۸۸ حکمت والا					
۳۵	العظیم	۱۰۲۰ عظمت والا		مشترک	آبی	مشتری	سنبلہ
۳۶	الغفور	۱۲۸۶ بخشنے والا		جمالی			حوت
۳۷	الشکور	۵۲۶ قدر کرنیوالا		〃	خاکی	قمر	عقرب
۳۸	العلی	۱۱۰ بلند مرتبے والا		〃	〃	مشتری	سنبلہ
۳۹	الکبیر	۲۳۲ بزرگی والا		〃	〃	زہرہ	عقرب
۴۰	الحفیظ	۹۹۸ حفاظت کرنیوالا		〃	〃	زحل	جدی
۴۱	المقیت	۵۵۰ قوت والا		〃	آتشی		
۴۲	الحسیب	۸۰ حساب کرنیوالا		مشترک	〃	زحل	جدی

نمبر شمار	اسم اعظم	معنی	حروف اعداد	لفظ اعداد	خاصیت	عناصر	ستارہ	برج
۴۳	الجلیل	جلال والا	۷۳		جلالی	آتشی	مریخ	سرطان
۴۴	الکریم	عطا کرنے والا	۲۷۰		جمالی	خاکی	زہرہ	عقرب
۴۵	الرقیب	نگہبانی کرنیوالا	۳۱۲		〃	آتشی	عطارد	سنبلہ
۴۶	المجیب	قبول کرنیوالا	۵۵		〃	بادی	〃	〃
۴۷	الواسع	وسعت کرنیوالا	۱۳۷		〃	آتشی	〃	جوزا
۴۸	الحکیم	حکمت والا	۷۸		جلالی	〃	زحل	جدی
۴۹	الودود	محبت کرنیوالا	۲۰		جمالی	〃	عطارد	جوزا
۵۰	المجید	بڑائی والا	۵۷		〃	〃	〃	اسد
۵۱	الباعث	مبعوث کرنیوالا	۵۷۳		مشترک	〃	مشتری	جوزا
۵۲	الشہید	گواہی دینے والا	۳۱۹		〃	بادی	قمر	عقرب
۵۳	الحق	سچا موجود	۱۰۸		〃	آتشی	زحل	جدی
۵۴	الوکیل	کارسازی کرنیوالا	۶۶		جلالی	〃	عطارد	جوزا
۵۵	القوی	قوت رکھنے والا	۱۱۶		〃	〃	زہرہ	حوت
۵۶	المتین	مضبوط طاقت	۵۰۰		〃	〃	عطارد	اسد
۵۷	الولی	دوستی کرنیوالا	۴۶		جمالی	خاکی	〃	جوزا
۵۸	الحمید	حمد والا	۶۲		〃	〃	زحل	جدی
۵۹	المحصی	احاطہ کرنیوالا	۱۴۸		〃	آتشی	عطارد	اسد
۶۰	المبدی	پیدا کرنیوالا	۵۶		جلالی	〃	〃	〃
۶۱	المعید	دوبارہ پیدا کرنیوالا	۱۲۴		〃	〃		
۶۲	المحیی	زندگی دینوالا	۶۸		جمالی	〃		
۶۳	الممیت	مارنے والا	۴۹۰		جلالی	〃	عطارد	اسد

نمبر شمار	اسم اعظم	معنی	حروف اعداد	لفظ اعداد	خاصیت	عناصر	ستارہ	برج
۶۴	الحیی	ہمیشہ زندگی والا	۱۸		جلالی	آتشی	زحل	جدی
۶۵	القیوم	قائم رہنے والا	۱۵۶		〃	〃	زہرہ	حوت
۶۶	الواجد	ہر چیز کو پالینے والا	۱۴		جمالی	خاکی		
۶۷	الماجد	بزرگی والا	۴۸		〃	〃		
۶۸	الواحد	اکیلا	۱۹			بادی		
۶۹	الاحد	یکتا و یگانہ	۱۳			〃		
۷۰	الصمد	بے نیاز	۱۳۴		〃	خاکی		
۷۱	القادر	قدرت والا	۳۰۵		جلالی	آتشی		
۷۲	المقتدر	اقتدار والا	۷۴۴		〃	〃		
۷۳	المقدم	آگے کرنے والا	۱۸۴		مشترک	〃		
۷۴	المؤخر	پیچھے کرنے والا	۸۴۶		〃	خاکی		
۷۵	الاول	پہلا	۳۷		〃	آتشی		
۷۶	الاخر	آخر	۸۰۱		〃	〃		
۷۷	الظاہر	ظاہر کرنے والا	۱۱۰۶		〃	خاکی	عطارد	حوت
۷۸	الباطن	چھپا ہوا	۶۲		〃	〃	مشتری	جوزا
۷۹	الوالی	کارساز مالک	۴۷		〃	بادی		
۸۰	المتعالی	سب سے بلند	۵۵۱		〃	〃		
۸۱	البر	نیکی کرنے والا	۲۰۲		جمالی	خاکی		
۸۲	التواب	توبہ قبول کرنے والا	۴۰۹		〃	آتشی		
۸۳	المنتقم	بدلہ لینے والا	۶۳۰		جلالی	〃		
۸۴	العفو	معاف کرنے والا	۱۵۶		جمالی	〃	مشتری	سنبلہ

نمبر شمار	اسم اعظم	معنی حرف اعداد	لفظ اعداد	خاصیت	عناصر	ستارہ	برج	
۸۵	الرؤف	۲۸۶ پیار کرنیوالا		جمالی	آتشی			
۸۶	مالک الملک	۲۱۲ تمام ملکوں کا مالک		جلالی	//			
۸۷	ذوالجلال والاکرام	۱۱۰۰ جلال والا		//	//			
۸۸	المقسط	۲۰۹ انصاف کرنیوالا		//	//			
۸۹	الجامع	۱۱۴ جمع کرنیوالا		مشترک	خاکی			
۹۰	الغنی	۱۰۶۰ بے نیاز		//	آتشی			
۹۱	المغنی	۱۱۰۰		جمالی	//			
۹۲	المانع	۲۰۱ منع کرنیوالا		جلالی	آبی			
۹۳	الضار	۱۰۰۱ نقصان دینیوالا		//	//			
۹۴	النافع	۲۰۱ نفع دینیوالا		جمالی	//			
۹۵	النور	۲۵۶ نور والا		مشترک	//			
۹۶	الهادی	۲۰ ہدایت پر قائم		جلالی	//	مشتری	حمل	
۹۷	البدیع	۸۶ عجیب چیزیں بنانے والا		مشترک	خاکی			
۹۸	الباقی	۱۱۳ باقی رہنے والا		جمالی	آبی			
۹۹	الوارث	۷۰۷ اکیلا مالک		جلالی	//			
۱۰۰	الرشید	۵۱۴ راہ دکھانیوالا		مشترک	خاکی			
۱۰۱	الصبور	۲۹۸ برداشت کرنے والا		جمالی	بادی			
۱۰۲	القریب	۳۱۲ قرب والا		//				
۱۰۳	رب	۲۰۲ پالنے والا		//				
۱۰۴	المبین	۱۰۲		//				
۱۰۵	القدیر	۳۱۴		جلالی				

نمبر شمار	اسم اعظم	معنی	حروف اعداد	لفظ اعداد	خاصیت	عناصر	ستارہ	برج
۱۰۶	الحافظ	۹۸۹			جمالی			
۱۰۷	الکفیل	۱۴۰			″			
۱۰۸	الشاکر	۵۲۱			″			
۱۰۹	الاکرام	۲۶۱			جلالی			
۱۱۰	الاعلیٰ	۱۵۱			جمالی			
۱۱۱	المولیٰ	۸۶			″			
۱۱۲	الالٰہ	۳۶			مشترک			
۱۱۳	الخلاق	۷۳۱			جلالی			
۱۱۴	القاہر	۳۰۶			″			
۱۱۵	الغافر	۱۲۸۱			جمالی			
۱۱۶	الفاطر	۲۹۰			″			
۱۱۷	الملیک	۱۰۰			″			
۱۱۸	الخفی	۹۸			″			
۱۱۹	المحیط	۶۷			مشترک			
۱۲۰	المستعان	۶۲۱			جمالی			
۱۲۱	الرفیع	۳۰۷			″			
۱۲۲	الکافی	۱۱۱			″			
۱۲۳	الغائب	۱۰۳۳			جلالی			
۱۲۴	المنان	۱۴۱			جمالی			
۱۲۵	البرہان	۲۵۸			″			
۱۲۶	السریع	۳۴۰			″			

نمبرشمار	اسم اعظم	معنیٰ	حروف اعداد	لفظ اعداد	خاصیت	عناصر	ستاره	برج
۱۲۷	المنعم	۲۰۰			جمالی			
۱۲۸	الشافی	۳۹۱			//			
۱۲۹	العالم	۱۴۱			//			
۱۳۰	الشدید	۳۱۸			جلالی			
۱۳۱	الحنان	۱۰۹			جمالی			
۱۳۲	المعطی	۱۲۹			//			
۱۳۳	الجمیل	۸۳			//			
۱۳۴	الفرد	۳۸۴			جلالی			
۱۳۵								

علم النقوش

(۱)۔ طہارت ہر طرح سے ہونا ضروری ہے۔ (۲) دو رکعت نفل حاجت (۳) سیاہی (۴) قلم
(۵)۔ ساعتوں کو دیکھنا کہ یہ کام کون سی ساعت میں ہونا ہے۔ (۶) مقام نشست (۷) سمت کو
دیکھنا۔ نقوش چار عناصر سے متعلق ہوتے ہیں۔ سو ان ہی سے مطابقت سے ان کی سمتیں مقرر ہیں۔
(۱) آتشی چال سے نقش تحریر کرتے ہوئے مشرق کی طرف منہ کریں۔ (۲) بادی چال ہو تو مغرب۔ (۳) آبی
چال ہو تو شمال (۴) خاکی چال ہو تو جنوب کی طرف منہ کریں۔
(۸) دوران عمل خوشبو کا خاص خیال کریں۔ (۹) بخور کا عمل۔ بخور سے مراد وہ خوشبو یا بدبو ہوتی ہے جو
دوران عمل جلائی جاتی ہے۔ کئی بہت قیمتی جوہر دوران عمل استعمال ہوتے ہیں۔ کم خرچ ہو یا رقم نہ ہو تو کم قیمت
بخور استعمال کر سکتے ہیں۔ (۱۰) میٹھا یا کڑوا۔ بھوک پیاس۔ کاغذ وغیرہ کو دائیں یا بائیں ران پر
یہ سب احکام سعد اور نحس کا خیال کر کے کریں۔ (۱۱) جس آیت یا اسم وغیرہ کو نقش میں استعمال
کیا ہے۔ حسب ضرورت اس کی پڑھائی کر کے نقش پر دم کریں۔ (۱۲) نقش کو درست کریں تاکہ غلطی نہ رہے۔
(۱۳) نقش وقت متعین کے اندر اندر مکمل کریں۔ اس کے باقی احکامات اصول وقواعد عملیات میں دیکھیں۔
(۲) نقش بنانے کے لئے علم النقوش باب کو دیکھیں کہ جو مختلف چالیں ہیں۔ اصول وقواعد عملیات ص۱۴۵
کو دیکھیں۔ (۱۴) نقش کس چال سے پر کیا جائے گا۔ اعداد نقش کو چار سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو
آتشی دو بچے تو بادی تین بچے تو آبی کچھ نہ بچے تو خاکی تحریر ہو گا۔
(۱۵) نقش کا ستارہ کیا ہے۔ اعداد نقش کو سات سے تقسیم کریں اگر۔ (۱) بچے تو قمر (۲)
بچے تو عطارد (۳) بچے تو زہرہ۔ (۴) بچے تو شمس (۵) بچے تو مریخ (۶) بچے تو مشتری۔
(۷) بچے تو زحل کسی بھی دیگر نقش کا ستارہ اسی طریقے سے معلوم کیا جائے گا۔ (۱۶) جب نقش
کا ستارہ معلوم ہو جائے تو نقش کو اسی ساعت میں اس ستارے کا متعلقہ بخور جلا کر نقش کو فائزن سے

تحریر کریں۔ مفیض العملیات صفحہ ۸۴ راہنمائے عملیات صفحہ ۱۵۰ (۱۷) طالع استخراج کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ فرد اور اس کی ماں کا نام لے کر اس کے اعداد نکالیں۔ کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کریں جو بچے گا وہی فرد کا طالع ہوگا۔ مثلاً۔ اگر ایک عدد باقی رہا تو طالع حمل ہوگا۔ دو رہا تو طالع ثور ہوگا۔ تین رہا تو جوزا۔ چار رہا تو سرطان۔ پانچ رہا تو اسد۔ چھ رہا تو سنبلہ۔ سات رہا تو میزان۔ آٹھ رہا تو عقرب۔ نو رہا تو قوس۔ دس رہا تو جدی۔ گیارہ رہا تو دلو۔ اور کچھ نہ رہا تو حوت اس طریقہ سے فرد کا جو طالع بنے گا۔ اس برج کا حاکم کوکب ہی فرد کا ستارہ ہوگا۔ (۲) ایک طریقہ یہ ہے۔ کہ فرد کے سر نام کے مطابق فرد کا طالع برج لے لیا جائے۔ مثلاً اسلم نام ہے۔ تو (الف) سے برج حمل کے تحت فرد آئے گا۔ اور یہی اس کا طالع ہوگا۔ (اصول و قواعد عملیات صفحہ ۲۰ از خالد اسحاق)

(۱۸) اوقات کی تقسیم۔ (۱) وقت صبح محبت۔ تسخیر ترقی رزق روزگار و کشائش رزق وغیرہ (۲) وقت نیم چاشت صحت از بیماری کے لیئے زود اثر ہے۔ (۳) وقت ظہر عداوت۔ بغض۔ ہلاکت زبان بندی وغیرہ (۴) وقت عشاء۔ خواب بندی۔ استخارہ ترقی مراتب وغیرہ کے لیئے زود اثر ہے۔ شمع شبستان رضا چہارم صفحہ ۱۶ ۔

(۱۹) مزاج کے موافق۔ ہر نقش کے چار مزاج ہیں۔ آتشی۔ آبی۔ بادی۔ خاکی۔ اگر مطلوب کا مزاج آتشی ہے۔ تو خانہ آتشی سے نقش کو بھرے۔ اگر بادی ہے۔ تو بادی خانہ سے نقش کو پر کرے۔ اگر آبی ہے۔ تو آبی خانہ سے نقش بھرے۔ اگر خاکی ہے۔ تو خاکی سے نقش شروع کر کے تمام کرے۔ مفتاح العملیات صفحہ ۲۶۴

(۲۰) نقش کے مؤکلات۔ جاننا چاہیئے۔ کہ نقش آتشی کا مؤکل عزرائیل ہے۔ نقش بادی کا مؤکل جبرائیل ہے۔ نقش آبی کا مؤکل میکائیل ہے۔ اور نقش خاکی کا مؤکل اسرافیل ہے۔ اور اسی طرح سے مؤکل ہر خانہ کے انہیں مربع مؤکل سے ہیں۔ کنز الحسین صفحہ ۱۰۳

(۲۱) دنوں کے مؤکلات۔ جس روز عمل شروع کرے۔ اس روز کے مؤکل کا نام ادب و تعظیم سے لے کر ان سے امداد کا طالب ہو۔ اس سے دلی مقصد حاصل ہوتا ہے۔ عامل بنانے والی کتاب صفحہ ۲۱۱

۱۔ ہفتہ اس کا مؤکل علوی عزرائیل اور مؤکل سفلی ابو نوح میمون سبحانی ہے۔ (۲) اتوار۔ روقیائیل + ابو عبداللہ المذہب۔ (۳) پیر۔ جبرائیل + شمعائیل (۴) منگل۔ اسرافیل + المضی الاحمر (۵) بدھ۔ میکائیل + توائیل۔ (۶) جمعرات۔ صرفیائیل + السید شمہوری (۷) جمعہ۔ عینائیل + عبدالرحمن ...

(۲۲) عاملوں کا طریقہ ہے۔ کہ اگر برج عاشق آتشی ہے۔ اور برج معشوق آبی ہے۔ درمیان آب و آتش کے مخالف ہے۔ لہٰذا دو تعویز لکھے ایک تعویز آتشی اور دوسرا آبی ــــــ اگر طالع عاشق بادی اور طالع معشوق خاکی ہے۔ تو اس صورت میں بھی دو تعویز لکھتے ہیں ــــ اگر طالع طالب آبی اور طالع مطلوب خاکی ہے۔ اس میں موافقت ہے۔ پس ایک تعویز کافی ہے۔ غرض کہ جیسا مزاج ہو۔ اس کے موافق تعویز لکھتے ہیں۔ آتش کے لیۓ آتشی اور آبی کے لیۓ آبی۔ (عامل بنانے والی کتاب ص ۲۰۶)

(۲۳)۔ نقش بنانے کا مکمل قواعد و ضوابط (راہنمائے عملیات از خالد اسحاق ص ۱۲۰)

(۲۴)۔ نقش کی تیاری میں مؤکل و اعوان کا استخراج کیا جاتا ہے۔ مؤکل بنانے کا طریقہ قانون ــ راہنمائے عملیات از خالد اسحاق ص ۱۳۵ پر موجود ہے آفتاب عملیات ص ۱۰۹ جلد ۱

(۲۵)۔ اور تعویز کے لوازمات نقش سلیمانی ص ۲۶ سے ص ۲۸ تک دیکھیں۔ (۲) اصول و قواعد عملیات ص ۱۷۵ سے ص ۱۷۶ تک دیکھیں۔ (۳)۔ منازل قمر کو دیکھیں راہنمائے عملیات ص ۸۸ جس کو تعویزات میں بڑا دخل ہے

(۲۶)۔ جس مقصد کیلئے یہ تعویز دیا ہے۔ جب وہ کام ہو جائے تو عامل تعویز دیتے وقت ہدایت کرے کہ تعویز کو قبرستان میں دفن کر دے یا جاری پانی میں ڈال دے بے ادبی ہرگز نہ کرے۔ (۲۷) نقش یا تعویز کی جو زکوٰۃ یا ہدیہ مقرر ہو وہ عمل سے قبل لازماً ادا کی جائے۔ (کالے جادو کا قرآنی علاج ص ۴۵)

(۲۸)۔ اَلُفَتُ المحَبَّۃ بَینَ فلانِ وَ فلانِ ہر آیت کے بعد پڑھنا۔ (۲۹)۔ تعویز لکھنے سے قبل یا حفیظ یا رقیب یا وکیل ضرور پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے (مفتاح العملیات ص ۲۲)

قانونِ عملیات

اے عزیز دعا اور دوا میں ہر شئے میں ایک ترکیب ہوتی ہے۔ اور ہر چیز کو مع ترکیب ادا کرنے میں وہ چیز تمام و کمال کو اور مراد پر حسبِ دل خواہ پہنچتی ہے۔ ورنہ نا تمام رہ جاتی ہے۔ لوگ فائدہ سمجھ کر کرتے ہیں۔ اور آخر کو بے ترکیبی اور بے سلیقگی سے سراسر نقصان اٹھاتے ہیں۔ پس لازم ہے کہ جب کسی شئے کے کرنے کا ارادہ ہو۔ دل سے آمادہ ہو تو اول اس علم کے قاعدے سیکھے۔ پھر اس کو شروع کرے جو یہ ہیں۔

(۱)۔ قبولیت دعا اور اعمال میں بڑی تاثیر ہے۔ مگر اکل حلال اور صدق مقال پڑھتے وقت رجوع قلب کرے۔ اور وسواس شیطانی اور دل کو قائم رکھے۔ ابتداء سے انتہا تک اپنے مطلب کا دھیان رکھے۔ ورنہ کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ اور محنت ضائع ہو جائیگی۔

(۲)۔ جو عمل اور وظیفہ کو ایام معدود تک واسطے کسی مطلب کے پڑھے ترک لوازمات ضرور کرے اور کھانے سے تاثیر میں نقصان ہے۔

(۳)۔ کہ عملیات کے پڑھنے میں تعین وقت ضروری ہے۔ اختلاف وقت سے سراسر نقصان ہے۔ ابتداء سے اختتام تک خاص خیال رکھے۔

(۴)۔ اختلاف مکان کا بلا عذر ہرگز جائز نہیں۔ ایک ہی مصلی پر پڑھا کرے۔ جہاں پہلے روز اتفاق ہوا۔

(۵)۔ عمل کا شروع ماہ میں بہتر ہے۔ زوال سے۔ (۶) جب عمل پڑھے۔ الحمد۔ اور آیت الکرسی۔ چاروں قل کو تین تین بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرے۔ گرد حصار باندھ کر پڑھے۔

(۷)۔ جو اسم یا دعا پڑھے اگر سر اسم دعا اور حرف سر اسم پڑھنے والے کا آتشی ہو تو جلد مراد بر آوے۔ حروف آتشی اور آبی سے عداوت ہے۔ اور حروف آتشی اور بادی سزاوار ہیں۔ اور آبی آتشی میں عداوت ہے۔ کہ جو اسم یا عمل شروع کرے۔ حرف سر اسم درست کرکے پڑھے۔ تاکہ جلد اثر ہو۔ باد برابر آب میانہ۔ آب خاک کا سزاوار آب و آتش مخالف ہیں۔ (نقش سلیمانی صہ ۱۲)

۸ - ہر شخص کو لازم ہے۔ کہ جو آیت یا عزیمت پڑھنے کا ارادہ ہو۔ اس کو پہلے کسی عالم سے صحیح کر کے یاد کرے ورنہ نفع بجائے خود اور نقصان اٹھانا پڑے گا۔ اور محنت ضائع ہو گی۔ اکثر کتاب میں دیکھ کر اپنی عقل سے کام لیتے ہیں۔ ناکام رہتے ہیں۔ (تعویز عام ص ۳۶)

۹ - جس شخص کا کوئی وظیفہ رات یا دن کے کسی حصہ میں مقرر ہو یا کسی نماز کے بعد یا ان کے علاوہ اور حالت میں مقرر ہو۔ اور وہ پابندی کے ساتھ اس کو پڑھا کرتا ہو۔ اگر وہ کسی دن چھوٹ جائے تو اس کی قضا کر لینی چاہیئے۔ اور جس وقت بھی ممکن ہو۔ اس کو پڑھ لینا اور پورا کر لینا چاہیئے۔ اور ایسے اس دن بالکل نہیں چھوڑ دینا چاہیئے۔ تاکہ وہ پابندی کی عادت برقرار رہے۔ اس کی قضا میں سستی نہ برتنی چاہیئے۔ کہ سخت مضر ہے۔ تحفہ قلندری حصہ پنجم ص ۱۲۰

۱۰ - استقلال سے کام لینا چاہیئے۔ جو شخص دربار خداوندی میں پانچ وقت حاضر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خود اس کو مقرب بنا لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خود دیتا ہے۔ وکان الانسان عجولا۔ انسان بہت جلد باز ہے۔ دعا مانگتے ہوئے کئی دن ہو گئے ہیں۔ اور قبول ہی نہیں ہوئی کیا بات ہے۔ اس شیطانی وسوسہ میں ہرگز نہ پڑیں۔ اور اپنا کام ہرگز نہ چھوڑیں۔

+ روحانی عملیات وتعویزات عظیمی ص ۱۶۷ - (از صوفی محمد اسلم نقشبندی)

۱۱ - ناجائز کام میں کلام پاک کے اثرات نہیں ہوا کرتے۔ اگر ایسا خیال ہے تو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ جائز کام میں دیکھیے حکیمہ اثر رکھتا ہے۔ روحانی عملیات وتعویزات عظیمی ص ۱۹۹

۱۲ - بعض اشخاص اپنی بدظنی کی وجہ سے ادھر ادھر مارے مارے پھرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سربسجود نہیں ہوتے۔ نہ اس سے اپنا حال عرض کرتے ہیں۔ پریشان حال رہتے ہیں۔ اور ناکامیاب ہوتے ہیں۔ ایضاً ص ۲۲۴

کسی جگہ تنہائی میں جو جگہ پاک صاف ہو وہاں پر بیٹھ کر عمل کرے۔ اور کسی کو اس جگہ پر مداخلت نہ ہی کرنی چاہیئے۔ اپنے گھر کا ایک حصہ علیحدہ سے اس مقصد کیلئے منتخب کرے۔ عمل کا آغاز کرتے ہوئے اور عمل ختم کرنے کے بعد کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے کہ فلاں کیلئے یہ عمل کیا ہے سر کالے جادو کا قرآنی علاج ص ۴۴

۱۳ - کسی ایک ذکر و ورد کا انتخاب کرے بیک وقت کئی اعمال شروع نہ کر دے۔ ۱۴ - عمل شروع کرنے کے فوراً بعد نتیجہ کی انتظار نہ کریں۔ بلکہ کچھ وقت گزرنے کے بعد خود بخود نتیجہ سامنے آئے گا۔ مایوس نہ ہوں۔

۱۵ - کسی مومن کو نقصان دینے کی نیت سے ورد وظیفہ نہ پڑھا جائے۔ ۱۶ - جن اوراد و اذکار میں عدد کی شرط ہے۔ اس کا خاص خیال رکھا جائے۔ کیونکہ حدیث میں آیا ہے۔ کہ تعداد معین کا یہ مطلب ہے۔ کہ یہ

مخصوص عدد "کوڈ" ہوتا ہے۔ اگر اس عدد سے بڑھا دیا گیا۔ یا کم کر دیا گیا۔ تو اس سے نتیجہ حاصل نہیں ہو گا۔ جس طرح چار دندے والی چابی جس تالے کے لیئے ہے۔ وہ اسی کو کھولے گا۔ اگر ایک دندا چابی کا کم ہو گیا۔ یا ایک دندا زائد ہو گیا۔ تو اس چابی سے مطلوبہ تالہ نہ کھل سکے گا۔ ۱۷۔ جن اوراد و اذکار کے بارے میں ہے۔ کہ کثرت سے پڑھو۔ تو اس سے مراد ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد ہے سینکڑوں کی تعداد مراد نہیں۔ (پیام زینب والی العصر جنتری ۲۰۱۰ء ص ۱۱) ۱۸۔ آداب عملیات۔ اوقات عملیات رجال الغیب کا مکمل بیان دیکھیں۔ زنجانی جنتری ۲۰۱۲ء ص ۱۵۵۔ ۱۹۔ عمل پڑھنے کیلئے وقت اور جگہ کی تعین ضروری ہے بغیر مجبوری کے اوقات کا اختلاف نقصان دہ ہے۔ مگر اختلاف مکان کے سلسلہ میں کافی حد تک وسعت ہے۔ کہ مکان اگر ایک نہیں رکھ سکتا۔ تو مصلیٰ ایک رکھے۔ (تحفۃ العاملین معہ طلسمات نادرہ ص ۱۲۶ از سید تفضل حسین خداداد)۔

بابُ المحبّت

۱۔ برائے حب و زبان بندی = اس عزیمت کو تین سو بار پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے کھلائے تو ان شاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔ اور زبان مثلِ حیوان بستہ ہوگی وہ عزیمت یہ ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا قَادِرُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا وَهَّابُ یَا مُسْتَقِیْمُ بحق لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ۔

(اسرارِ مخفی ص ۱۲۵ سید ارتضیٰ علی کرمانی)

۲۔ دیگر = جو شخص جمعہ کی رات کو مندرجہ ذیل کلمات کو ۲۱ بار پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے جس کسی کو کھلائے گا وہ اس کا محبوب بن جائیگا۔ وہ کلمات اسرارِ مخفی کے صفحہ ۲۶۰ پر موجود ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الٰہی بحرمت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الم تر کیف فعل ربک۔ بحق یا جبرائیل الٰہی بحرمت میراں محی الدین عبدالقادر جیلانی باصحب الفیل بحق یا کلکائیل الٰہی بحرمت سید محی الدین عبدالقادر جیلانی۔ الم یجعل کیدھم بحق یا لومائیل الٰہی بحرمت حضرت سلطان محی الدین عبدالقادر جیلانی فی تضلیل بحق یا میکائیل الٰہی بحرمت حضرت مولانا محی الدین عبدالقادر جیلانی طیرًا ابابیل بحق قرطائیل الٰہی بحرمت مخدوم محی الدین عبدالقادر جیلانی ترمیھم بحجارۃ بحق یافرائیل بحق یا طرطرائیل الٰہی بحرمت قطب ربانی محی الدین عبدالقادر جیلانی بحق یا عزرائیل الٰہی بحرمت درویش محی الدین عبدالقادر جیلانی من سجیل یا اھجائیل الٰہی بحرمت مسکین محی الدین عبدالقادر جیلانی فجعلھم بحق یا کشفائیل الٰہی بحرمت غوث الصمدانی محی الدین عبدالقادر جیلانی کعصف ماکول بحق یا تنکفیل الٰہی بحرمت فقیر محی الدین عبدالقادر جیلانی یا ارحم الراحمین۔ اسرارِ مخفی ص ۲۶۰

۳۔ دیگر = تھوڑی سی مٹی پرانی قبر کی ہاتھ میں لے کر سورۃ یٰسین کو پورا پڑھے۔ اور ثواب صاحب قبر کو اس کا بخشے اور مٹی پر بھی دم کرے۔ اور اس مردے کو قسم دے کہ اے صاحب قبر تجھ کو قسم ہے۔ خدا اور اس کے رسول کی۔ کہ یہ مٹی جس کسی کو کھلائی جائے وہ تابعدار ہو جائے پھر اس مٹی کو ایک ماشہ کے برابر کھلائے تو بے قرار

مصباح العملیات از سید ناظر حسین ص ۱۰۸ ص ۴۴ کنز الحسین

۴ - دیگر - اللہ تعالیٰ کا فرمان سلام قولاً من رب رحیم ۔ عدد اس آیت کے نکال کر نقش مثلث بھرے واسطے تسخیر قلب امیر و فقیر کے بہت مفید ہے ۔ جس کسی کے پاس جائے تو اپنے سر میں رکھ کے جائے تو مہربان ہوگا ۔ اور اس کے اعداد ہیں بارہ کم کر کے

کنزالحسین ص ۳۹

۵ - دیگر - اتوار یا جمعرات کو یہ نقش لکھ کر خوشبودار تیل میں جلادے اور منہ چراغ کا مطلوب کے گھر کی طرف کرے سات تو بمدد خدا تعالیٰ کے مطلوب حاضر ہو کر اطاعت کرے گا ۔

ع ۱۱۷ ۱۱۹ ۱۹۷ ۱۱ ۹	۱۹۱۹ ۱۱۷ ۱۱۷ ۱۱۹ ۱۹	۵ ۱/۷	۹۱۱ ۱۱۷ ۱۱۹ ۱۱۹ ۱۱۹	مسجد	ملح	مصو	سلح
				سمح	ملاع	ملح	امو
				اسلح	سلح	سلح	طلس

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں = کنزالحسین ص ۱۱۹

۶ - دیگر - شیخ بہاؤالدین آملی سے منقول ہے ۔ مدار کا پتا جو زرد ہو اس پر لکھے اور آگ میں ڈالے مطلوب حاضر ہوے ۔ نقش یہ ہے ۔

ط ط ط ط

احترقت واخذت فلاں بن فلاں
علی حب فلاں بن فلاں
بالمحبۃ والشفقۃ العجل
۳ الوحا ۱۱۳ الساعۃ

ع ع ع ع

کنزالحسین ص ۱۲۸

مجربات عملیات و تعویذات ص ۱۲۱

۷ - دیگر - جو شخص چالیس روز تک بعد نماز پنجگانہ کے سورۃ یٰسین کو ایک بار ایک دانہ فلفل سفید پر پڑھ کر جلادے گا ۔ اگر اس کا مطلوب سو کوس پر ہوگا ۔ بہت جلد حاضر ہو جائیگا ۔ کنزالحسین ص ۳۸

نقش سلیمانی

۸۔ دیگر۔ سات کیلیں لوہے کی لے کر ہر ایک کی مقدار انگشت کے ہو سکے کر ہر ایک کیل پر ایک بار سورۃ یٰسین
بہ نیت محبت پڑھ کر دم کرے اور کہے کہ (سوختم دل و جان فلاں بن فلاں بہ محبت فلاں بن فلاں اور
ان کیلوں کو چولہے میں گاڑ دے اور آگ جلائے جب کیلیں گرم ہوں گی مطلوب دیوانہ وار حاضر ہوگا۔ ص ۳۹

۹۔ دیگر۔ خاک زیر پائے مطلوب اور اپنے بائیں پیر کی خاک لے کر اس آیت کو سات بار پڑھے اور خاک
میں باندھ کر طالب اپنے پیر سے دبائے ان شاء اللہ مطلوب بہت جلد حاضر ہوگا۔ اور پابرہنہ ہو کر
حاضر ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔ ھو الذی خلق السموت والارض فی ستۃ ایام ——— الیضاً ص ۳۹
نوٹ۔ سات مرتبہ سورۃ خاک پر دم اخلاص پڑھ کر آگ میں جلا دیں۔ عملیات عشق و محبت ص ۱۵۱

۱۰۔ دیگر۔ محبت کے واسطے تین رات تک ایک ایک جلادے اور چراغ کا رخ محبوب کے گھر کی طرف ہو مجرب ہے۔

(۱) شب اول۔ ااا ااا ااا ططط ااا در ھ ھ
الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

(۲) شب دوم۔ ااا ۱۱ ۱۱ ط ۵ ۱۱ ۹ ط ح م ااا ھ و لہ
الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

(۳) شب سوئم۔ ااا ااا ط ٥ ۱۱ ۱۱ ھ ع ااا ن ھ ۵
الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

نقش سلیمانی ص ۱۰۱

۱۱۔ دیگر۔ محبت کے واسطے سریع التاثیر ہے۔ عَسَی اللّٰہُ اَن یَّجعَلَ بَینَکُم وَبَینَ الَّذِینَ عَادَیتُم مِّنہُم
مَّوَدَّۃً وَاللّٰہُ غَفُورٌ رَّحِیمٌ جمعرات کو ۱۴۴ بار پڑھے اور کہے الٰہی بحرمت ایں شریف فلاں بنت
فلاں را از دل و جان بہ فلاں بن فلاں مبتلا و فریفتہ گرداں اور یہ تعویز لکھ کر ہوا میں
لٹکائے۔ جہاں ضائع نہ ہو۔ تعویز عالم ص ۴

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

—٥—

١٢ - محبت کے واسطے لکھ کر اس تعویز کو چراغ میں جلائے ان شاء اللہ مطلوب حاضر ہوگا۔ نقش کے نیچے یہ عبارت لکھی جائے

٧٨٦

٦	٥	٤	٣	٢
٤	٣	٢	٦	٥
٢	٦	٥	٤	٣
٥	٤	٣	٢	٦
٣	٢	٦	ع	٤

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق اللہ سبدوح الودود واہب یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل ـ یا تنکفائیل الساعۃ الساعۃ العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا

(تعویز عالم ص ٥١)

١٣ - دیگر - اتوار یا پیر کو مٹھائی پر پڑھ کر کھلائے حب کے واسطے عموماً زن و شوہر کے واسطے مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ومن الناس من یتخذ من دون اللہ اندادا یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ وانہ لحب الخیر لشدید افلا یعلم اذا بعثر ما فی القبور وحصل ما فی الصدور ان ربہم بہم یومئذ لخبیر یا کبیث یا جبث یا جبث یا بدوح یا بدوح یا ودود یا ودود الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں ـ تعویز عالم ص ٦٠

١٤ - دیگر - اس آیت کریمہ کو ٣١٣ بار پڑھیں عمل نصف رات کو کریں۔ دوران عمل منہ مطلوب کے گھر کی طرف رکھیں۔ اور اگربتی جلائیں اول و آخر ١١+١١ بار درود شریف پڑھیں ٢١ روز تک بلا ناغہ عمل جاری رکھیں۔ عمل جمعرات کو شروع کریں۔ نہایت سریع التاثیر عمل ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ـ تحفہ قلندری جلد ١ حصہ دوم ص ٤٠

١٥ - دیگر - شروع اول جمعہ کو ساعت زہرہ میں سفید کاغذ پر دو نقش زعفران سے لکھیں نقش لکھنے کے دوران قبلہ رو بیٹھیں۔ اور اپنے پاس خوشبو جلائیں۔ ایک نقش کو طالب اپنے پاس رکھے۔ اور دوسرے نقش

کو آگ کی حرارت میں دفن کریں۔ مطلوب چند دنوں میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

		بسم اللہ الرحمن الرحیم	
زفتائیل		اَحِبْ رَقْتَمَائِیلُ بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ	طاطادئیل
		ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج	
		علج علج علج علج علج علج علج علج	
		ھطھط ھطھط ھطھط ھطھط (۷ بار)	
		حمعسق (۷)	
		لحعا لحعا لحعا لحعا لحعا لحعا لحعا	
		باقی تمام عبارت کتاب = تحفہ قلندری جلد ۱ حصہ دوم ص ۴۱	

بسم اللہ الرحمن الرحیم (around the border)

۱۶۔ دیگر۔ اس آیت کریمہ کو کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں تو مقصد حل ہوگا۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ الَّذِیْ یُحِبُّوْنَ کَحُبِّ اللّٰہِ لِقُلُوْبِہِمْ مِنْ لَیْلٍ ثُمَّ نَہَارًا وَّفِیْ سَاعَۃٍ وَ
شَہْرٍ عَلٰی حُبِّہِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَّلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَنَّ السَّاعَۃَ جَمِیْعًا فُلَانِ بِنْ فُلَانٍ
عَلٰی حُبِّ فُلَانِ بِنْ فُلَانٍ تحفہ قلندری جلد ۱ حصہ چہارم ص ۶۴ ۔

